بسم الله الرحمن الرحيم

﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾ القمر: 17

”اور بلاشبہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنادیا ہے (اس) قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا“

تین رنگوں کی مدد سے گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے
ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مِصباحُ القرآن

فَمَنْ اَظْلَمُ 24

پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN
بیتُ القرآن
لاہور۔ پاکستان
0092-321-8844845

جملہ حقوق بحق بیت القرآن (رجسٹرڈ) محفوظ ہیں
(A Company Registered U/S 42 of the Companies Act, 2017)

مصباح القرآن

فَمَنْ اَظْلَمُ 24

پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر
فاضل جامعہ اسلامیہ، مدینہ منورہ، ایم اے عربی، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور
اُستاذ: انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

ریسرچ اسکالرز ٹیم

مولانا عبدالرحمٰن اطہر
فاضل علوم اسلامیہ، ایم اے عربی و اسلامیات
سابق نائب مدیر تعلیم: مرکز ابن القاسم الاسلامی، ملتان

قاری محمد اکرم محمدی
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D اسکالر
اُستاذ: جامعہ اسلامیہ، مرکز جاوید بن اسماعیل، لاہور، پاکستان

ڈاکٹر حافظ سعید عمران
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D(ITC)UMT
لیکچرار: ICET، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

مدثر بن یوسف حجازی
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D اسکالر
لیکچرار: IER، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

محمد عابد رحمت
فاضل علوم اسلامیہ، M.Phil(ITC)UMT
لیکچرار: IER، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

حافظ محمد مستمر خان
فاضل علوم اسلامیہ، جامعہ اشرفیہ، لاہور
رجسٹرڈ پروف ریڈر، محکمہ اوقاف، پنجاب

ایڈیشن سوم، اشاعت اول .... جون 2023
ناشر .... بیت القرآن (رجسٹرڈ) لاہور، پاکستان
پرنٹر .... اعزاز الدین ٹی بی ایم پرنٹرز، لاہور، پاکستان

ادارہ "بیت القرآن" درحقیقت قرآن فہمی کی ایک عظیم تحریک ہے جس کا مقصد لوگوں تک اللہ کے کلام کو نہایت آسان اور عام فہم انداز میں پہنچانا ہے۔ زیر نظر ترجمہ "مصباح القرآن" تمام مسالک میں مقبولِ عام ہے جبکہ ادارہ "بیت القرآن" نصاب سازی کیلئے "پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ" میں بطور "**Book Developer**" رجسٹرڈ ہے۔ ادارہ "بیت القرآن" اپنی مطبوعات امپورٹڈ کاغذ پر، انتہائی اعلیٰ اور دیدہ زیب پرنٹنگ کروا کر صرف اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے، الحمد للہ۔
2001ء سے تاحال قرآن فہمی کے لیے ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ کا کام جاری وساری ہے، اللہ کی توفیق سے "مصباح القرآن" کی تکمیل کے بعد اب اس مشن کو منظم انداز میں سکولز، کالجز، یونیورسٹیز اور عوامی حلقوں میں پھیلانے کی اشد ضرورت ہے، لہٰذا اس عظیم مشن کو جاری رکھنے کے لیے آپ کا ہر ممکن تعاون درکار ہے، جزاکم اللہ خیراً۔

Account Title : Bait-ul-Quran, IBAN Account # PK65MUCB 0075 9525 6100 0334
MCB Bank, Upper Mall Branch, Lahore, Pakistan.

بیت القرآن
1-C سکندر علی روڈ، گلبرگ 2، لاہور
موبائل: 0092-321-8844845
آفس: 0092-322-8844700 ایکسٹینشن: 115
ویب سائیٹ: www.bait-ul-quran.org
ای میل: info@bait-ul-quran.org

برائے رابطہ: ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے، اُردو بازار، لاہور	0321-4163595
ادارہ صدائے اسلام اُردو بازار، لاہور	0335-1143822
البلاغ، مرکز G10، اسلام آباد	0300-5511552
دارالسلام، مرکز F8، اسلام آباد	051-2281513
دارالسلام، مین طارق روڈ، کراچی	0321-7796655
فضلی بک سپر مارکیٹ، اُردو بازار، کراچی	021-32212991
مکتبہ اسلامیہ، کوتوالی روڈ، فیصل آباد	0300-0997826
مکتبہ اُمّ القریٰ، جناح پارک، رحیم یار خان	0303-2696753
البلاغ، چنگی نمبر 6، بوسن روڈ، ملتان	0300-6112240

حرف اوّل

قرآن مجید وحی الٰہی کا واحد نسخہ اور نمونہ ہے جو آج انسانیت کے پاس اسی زبان میں اور اسی متن کے ساتھ محفوظ ہے جو لوح محفوظ سے جبریل علیہ السلام کے ذریعے محمد ﷺ کو عطا کیا گیا۔ یہ کتاب ہدایت ہے جو صاحب تقویٰ لوگوں کے لیے تزکیہ نفس، طمانیتِ قلب اور تطہیر دماغ کا فریضہ سر انجام دیتی ہے۔

قرآن مجید کا دعویٰ ہے کہ اسے آسان بنا کر پیش کیا گیا ہے تاکہ اس میں غور وفکر آسان ہو اور راہ عمل ہر ایک طالب ہدایت پر واضح ہو جائے۔

قرآن فہمی کے معلمِ اوّل تو خود محمد رسول اللہ ﷺ ہیں۔ مگر آپکے درسِ قرآن کے فیض یافتگان نے پھر اس علم الوحی کو چہار دانگ عالم میں اس طرح پھیلا دیا کہ پہلی صدی ہجری کے اختتام تک قرآن مجید کے فہم و تدبر کے متعدد مراکز 65 لاکھ مربع میل کے ممالک اور خطوں کے باسیوں میں اپنی خدمات پیش کررہے تھے۔ قرآنی علوم وفنون کا ایک ارتقائی سلسلہ ہے جو کہ گزشتہ چودہ صدیوں سے جاری ہے اور ان کی جوئے رواں دلوں اور دماغوں کی سرزمین کو سیراب کرتی ہوئی ایمان و عمل کے گل و گلزار کی شادابیاں پیش کر رہی ہے۔

پاکستان کی سرزمین بھی کتاب و سنت کی تعلیمات کے نفاذ کے لئے ایک عملی ماڈل کے طور پر حاصل کی گئی، مگر یہاں قرآن فہمی کے لئے وہ تگ و دو نہ ہو سکی جس کی عملاً ضرورت تھی، اس صورت حال کے پیش نظر یہاں ترجمہ قرآن اور قرآن فہمی کے مختلف مراکز قائم ہوئے، جن میں سے ایک موقر اور موثر ادارہ ''بیت القرآن'' بھی ہے۔ اس ادارے کے روح رواں محترم پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان اور سائنٹیفک انداز میں سکھانے اور پڑھانے کا ایک خصوصی ملکہ عطا فرمایا ہے، ان کی اس کوشش کے دو رنگ اور پیرائے ہمارے سامنے ہیں: ایک ''مفتاح القرآن'' کی شکل میں جب کہ دوسرا ''مصباح القرآن'' کے رنگ میں موجود ہے۔ فہم قرآن اور ترجمہ قرآن کے لحاظ سے ایک اسلوب مختلف الفاظ کو مختلف رنگوں میں پیش کرکے پھر انہی رنگوں میں ان کے معانی اور مطالب کو بیان کرنے کا ہے۔ مصنف موصوف نے بڑی مہارت اور علمی چابک دستی سے ان رنگوں کا سائنٹیفک استعمال کیا ہے۔ مجھے ان کے اس تجزیے سے اتفاق ہے کہ قرآن مجید کے 65 فیصد الفاظ کو ہم اپنی روز مرّہ زبان اردو میں استعمال کرتے ہیں۔ 20 فیصد وہ الفاظ ہیں جو قرآن مجید میں بہت تکرار سے استعمال ہوئے ہیں، یوں صرف 15 فیصد الفاظ ایسے رہ جاتے ہیں، جن پر خصوصی غور وفکر اور تدبر کی ضرورت ہے۔

پروفیسر صاحب موصوف نے اپنے ''مفتاح القرآن'' والے منصوبے میں ان الفاظ کو بالترتیب مختلف رنگوں میں پیش کرکے ان کو سمجھنے میں آسانی کی راہ پیدا کی ہے۔ ''مصباح القرآن'' ترجمہ قرآن یقیناً ایک نئے اور مفید اسلوب سے آراستہ ہے یہ کوشش قرآنی مطالب کو عام کرنے اور ایک طالب قرآن کو اس کے معانی و مفہوم سے آشنا کرنے کی کامیاب کوشش ہے۔ ''مصباح القرآن'' میں ترجمہ قرآن کا جو اسلوب اختیار کیا گیا ہے، اس میں تین رنگوں میں تقسیم الفاظ قرآن کے معانی کو بھی ''مفتاح القرآن'' کے اصولوں کے مطابق انہی رنگوں میں قواعد کی تقسیم اور جوڑ توڑ کے پیرائے میں یوں درج کیا گیا ہے کہ کسی آیت شریفہ کا کوئی لفظ یا اِن لفظوں کے مزید کسی گرامر میں منقسم حصے کی تعیین، تشریح اور تفہیم بہت واضح، آسان، عام فہم اور دلچسپ ہوگئی ہے۔

اس صفحے کے مقابل صفحہ پر روز مرّہ زندگی میں اردو زبان میں استعمال ہونے والے 65 فیصد الفاظ کو سیاہ رنگ میں پیش کیا گیا ہے، تکرار کے ساتھ استعمال ہونے والے 20 فیصد الفاظ کو نیلا رنگ اور 15 فیصد دوسرے اہم الفاظ کو سرخ رنگ میں پیش کرکے ان کے فہم کے الگ الگ دائرے متعین کر دیئے ہیں تاکہ ایک اُستاد یا طالب قرآن ان کی مدد سے ان کا خصوصی فہم حاصل کرلے، میرے نزدیک انسانی ذہن کو گرامر کی گراں بار اصطلاحات میں اُلجھانے اور ان کی تعلیم کے ادق اور پیچیدہ اسلوب کی بجائے یہ ایک آسان اور سلیس طریق ہے جسے انسانی نفسیات کے مطلوبہ اسلوب کے مطابق پیش کر دیا گیا ہے۔

میں برادر عزیز پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر صاحب کی اس قرآنی کاوش کو ایک مفید اور انقلابی کوشش سمجھتا ہوں مجھے یقین ہے کہ ''مصباح القرآن'' کے اس نظام اور پروگرام کے ذریعے اردو خواں دنیا میں فہم قرآن کی ایک ایسی تحریک پیدا ہوگی جو عامۃ المسلمین میں عمل و تقویٰ اور صلاح و فلاح کا ایک نیا زاویہ فکر پیدا کرے گی۔ اہل خیر سے توقع ہے کہ اس علمی اور قرآنی اسلوب کی سرپرستی اور تعاون میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے اور دین و دنیا کی حسنات کو حاصل کریں گے، اللہ تعالیٰ اس کاوش کی حفاظت فرمائے اور اس کی قبولیت اور افادیت کی راہیں ہموار فرمائے۔ آمین۔

پروفیسر عبدالجبار شاکر (مرحوم)

سابق ڈپٹی ڈائریکٹر: الدعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

تقریظ

رسول اکرم ﷺ حکمِ الٰہی "يَاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ" کے اولین مخاطب اور مصداق تھے۔ بعد ازاں فَلْيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ نبوی تلقین کو محبانِ رسول ﷺ نے ہر دور میں جاری رکھا اسی نبوی روایت کو جاری وساری رکھتے ہوئے عامۃ الناس میں قرآنی فہم عام کرنے، عمل کا جذبہ اُبھارنے کے لیے ذوق وشوق اور جہدِ مسلسل الاستاذ عبدالرحمن طاہر مدنی کا خاصہ ہے۔ "مصباح القرآن" پہلے ایک ایک پارے کی صورت میں اور اب پانچ پاروں کی شکل میں ان کی محنت، لگن اور اخلاص کا ثمر ہے۔ یقیناً ہزاروں لوگ قرآن مجید کے اس آسان طریقِ تفہیم سے قرآنی تعلیمات کو سمجھ رہے ہیں۔

قرآنِ عظیم ربِ کریم کی ایسی کتاب ہے جو سارے انسانوں کے لیے ہدایت، قیامت تک کے لیے موجود اور محفوظ۔ ہدایت کے ہر طلب گار کے لیے آسان فہم ہے جسے خالق کائنات نے کثافتوں اور ملاوٹوں سے پاک رکھا۔ جس کی تازگی اور شفافیت ساڑھے چودہ سو سال گزرنے کے بعد بھی برقرار ہے۔ ایسا کیوں نہ ہو؟ قیامت تک اس چشمۂ صافی سے پیاسوں نے سیراب ہونا ہے۔ گم کردہ راہ مسافروں نے نورِ ہدایت حاصل کر کے منزل کو پانا ہے۔

کتابِ ہدایت کے لیے حفاظت کا الٰہی بندوبست کچھ ایسا ہوا کہ نزول کے آغاز سے ہی اوراق میں محفوظ، سینوں میں محفوظ، ہر آیت اور ہر سورۃ محفوظ، اور یوں پورا قرآن محفوظ "ایک مثالی زندگی" کے شب وروز اور ماہ وسال میں آپ کی رفیقۂ حیات، یارِ غارِ رسول ﷺ کی بیٹی ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ کی گواہی "كَانَ خُلُقُهُ الْقُرْاٰنُ" کی صورت جس پر "لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ" کی خدائی مہر تصدیق ثبت ہو چکی۔ مزید براں لاکھوں منوّر چہروں اور معطّر قلوب سے متصف صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین پر مشتمل ایمان افروز معاشرہ "آیاتِ قرآنیہ" کے موجود اور محفوظ ہونے کا عملی گواہ ہے۔ ﴿اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ﴾ پہلے قرآنی سبق کے نزول کے ساتھ روزِ اول سے فلاحِ دارین کے لیے قرآنی تعلیمات کا فہم لازم اور عمل واجب قرار پایا۔ چنانچہ قرآنی تحفیظ وتعلیم، تفسیر وتفہیم اور تیسیر وتسہیل کا عمل ایک ناگزیر ضرورت ہے۔ اور اس سارے عمل نے ایک تحریک کی شکل اختیار کر لی، تفسیریں لکھی گئیں اور مختلف زبانوں میں قرآن کے ترجمے کیے گئے۔ برصغیر پاک وہند میں فارسی اور اردو ترجمہ کی روایت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ محدث دہلوی اور ان کے بیٹوں نے ڈالی۔ بعدہٗ اللہ کے بیسیوں بندوں نے لوگوں میں قرآن فہمی کے لیے عربی دانی کا ذوق وشوق پیدا کیا تاکہ اللہ کی کتاب کو براہِ راست سمجھا جا سکے۔ گلی گلی، شہر شہر، قرآن وحدیث کی مبارک محفلیں برپا ہوئیں۔ عالم اسلام میں خاص طور پر اور کرۂ ارض پر عام طور پر جگہ جگہ یہ سلسلہ نہ صرف قائم ہے بلکہ روز افزوں ہے۔

اُردو جاننے اور بولنے والے قرآن فہمی کے لاکھوں شائقین کے لیے فہمِ قرآن کی ایک "طرح" جناب پروفیسر عبدالرحمن طاہر مدنی صاحب نے ڈالی ہے۔ "مصباح القرآن" میں اردو ترجمہ کو قرآن کے عربی متون کے بالمقابل تین رنگوں میں کچھ اس طرح پیش کیا گیا ہے کہ قرآن کا فہم آسان تر ہو جاتا ہے۔ اردو خواں قاری قرآن اور عربی الفاظ سے کچھ یوں مانوس ہو تا جاتا ہے کہ عربی زبان سے اس کی "نفسیاتی وحشت" دور ہوتی جاتی ہے اور تسہیل کے رنگین اشاراتی اسلوب سے قرآن سینے میں اترنے لگتا ہے۔ موصوف کے ہاں قرآن کی تدریس وتفہیم کے لیے سفر وحضر، صبح وشام وقت کی کوئی قید نہیں ہے۔ جبکہ مسجدوں، کھلے پارکوں، تفریح گاہوں اور تعلیمی اداروں میں ان سے قرآن سیکھنے والے خواتین وحضرات سب ان کے شیدائی اور انکے حضور قرآن فہمی کے لیے ہمہ تن گوش رہتے ہیں۔ عام طور پر طباعت واشاعت کوئی آسان کام نہیں ہوتا، جبکہ "مصباح القرآن" جیسا مبارک کتابی سلسلہ اپنے اندر طباعت کے لحاظ سے بہت نزاکت رکھتا ہے۔ مہارت اور احتیاط کا متقاضی بھی ہے لیکن پروفیسر صاحب کے معاونین نے فنی مہارت اور مالی تعاون کے ساتھ اس ہدف کو ممکن الحصول بنا دیا ہے۔ "مصباح القرآن" کی طباعت واشاعت، فنی مہارت اور مالی تعاون کے ساتھ "مصباح القرآن" کے اس سلسلۂ اشاعت کو آسان بنانے والے یقیناً امت کے محسن اور سعید لوگ ہیں۔ اللہ کے حضور ان کی زندگیوں اور مالوں میں برکت کے لیے بے شمار دعائیں۔ بجا طور پر ریسرچ سکالرز کی ٹیم جناب محمد اکرم محمدی، حافظ سعید عمران، مدثر بن یوسف حجازی، تمام معاونین اور طباعتی واشاعتی ادارہ "بیت القرآن" اس صدقہ جاریہ کا معتبر ذریعہ ہیں۔ یقیناً محترم الاستاذ عبدالرحمن طاہر مدنی اس قرآنی قافلے کے سالار ہیں۔ فَجَزَاهُمُ اللّٰهُ خَيْرًا۔ اللہ تعالیٰ اُن کی کاوشوں کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور یہ سلسلہ کروڑوں اُردو خواں حضرات وخواتین کے لیے باعث ہدایت ورحمت بنتا رہے۔ اَللّٰهُمَّ زِدْ فَزِدْ۔

ڈاکٹر شبیر احمد منصوری

پروفیسر مسند سیرت (ر) شعبہ اسلامیات، پنجاب یونیورسٹی لاہور

تقریظ

زیرنظر کتاب ''مصباح القرآن'' جو کہ پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر مدنی سلمہ اللہ نے مرتب کی ہے، چیدہ چیدہ مقامات کا مطالعہ کیا ہے۔
موصوف نے اس میں قرآن کریم کے ترجمہ کو رنگوں کی مدد سے سہل انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے، تحت اللفظ اور بامحاورہ دونوں ترجمے کیے گئے ہیں، نیز حاشیہ پر قرآنی الفاظ کی وضاحت اور ان کے اردو میں استعمال کا طریقہ، عربی گرامر کے نکات و مسائل کو بھی خوبصورت انداز سے بیان کیا ہے۔
دعا ہے کہ اللہ جل شانہ موصوف کی اس کوشش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے، عوام الناس، علماء اور طلباء کے لیے اسے نافع بنائے اور موصوف کو اسی طرح قرآن کریم کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرماتا رہے۔ آمین۔

محتاج دعا

حافظ فضل الرحیم اشرفی
مہتمم جامعہ اشرفیہ، لاہور، پاکستان

تقریظ

پروفیسر عبدالرحمن طاہر صاحب حفظہ اللہ اُن فضلائے مدینہ یونیورسٹی میں سے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے ''الجامعۃ الاسلامیہ'' سے فراغت اور سعودی حکومت کی طرف سے مبعوث ہونے کے بعد اپنے ملک پاکستان میں دینی خدمت کی خصوصی توفیق سے نوازا۔ فاضل موصوف نے قرآن کریم کے معانی ومطالب کو زیادہ سے زیادہ عام فہم بنانے کے لیے عام ڈگر سے ہٹ کر کچھ نئے تجربے کیے جس کی تفصیل آپ ''عرض مرتب'' میں ملاحظہ فرمائیں۔
پڑھنے والوں نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ اسی طریقہ تعلیم کو کتابی شکل میں پیش کیا جائے تاکہ اس کا دائرہ استفادہ محدود نہ رہے، بلکہ وسیع سے وسیع تر ہو جائے اور ملک کے اطراف واکناف میں ہر جگہ قرآن فہمی کا سلسلہ اس کے ذریعے سے عام ہو جائے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا، موصوف حفظہ اللہ نے اس کے لیے پہلے دو کتابیں مرتب کیں، ''مفتاح القرآن'' اور ''مصباح القرآن'' دونوں کو اللہ تعالی نے قبولیت عامہ کے شرف سے نوازا۔
''مفتاح القرآن'' میں عربی گرامر کو آسان انداز میں پیش کیا اور ''مصباح القرآن'' میں اس کے مطابق قرآن کریم کا لفظی ترجمہ اور دیگر وہ جدتیں شامل کیں جو قرآن کریم کے فہم کو آسان سے آسان تر کر دے جس کی بابت اللہ تعالی نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا ہے۔
﴿وَلَقَدۡ يَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ لِلذِّكۡرِ فَهَلۡ مِنۡ مُّدَّكِرٍ﴾ القمر 17
ایک صفحے پر خانوں میں لفظی ترجمہ اور حاشیے میں مشکل الفاظ کی وضاحت، حل لغات اور صرفی تعلیل۔ اور دوسرے صفحے پر بامحاورہ ترجمہ ہے اور اس کے حاشیے میں قرآنی الفاظ کی اُردو میں استعمال کی وضاحت دی گئی ہے۔
اس طرح ''مصباح القرآن'' دو ترجموں کو اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے، لفظی بھی اور بامحاورہ بھی اور دونوں صفحے الگ الگ فوائد کے حامل ہیں۔
اب پروفیسر صاحب نے اس کا نیا ایڈیشن تیار کیا ہے، اُمید ہے کہ وہ بہت پسند کیا جائے گا، ان شاء اللہ۔
پروفیسر صاحب موصوف کی یہ عظیم قرآنی خدمت جس طرح عندالناس مقبول ہوئی ہے، اُمید ہے عنداللہ بھی درجہ قبولیت سے سرفرازی جائے گی اور ان کے لیے اور ان کے تمام معاونین کے لیے بھی ذخیرہ آخرت اور ذریعہ نجات ثابت ہوگی۔ ان شاءاللہ

حافظ صلاح الدین یوسف
مشیر وفاقی شرعی عدالت پاکستان

عرض مرتب

جنوری 1998ء کی بات ہے کہ مجھے "قرآن انسٹی ٹیوٹ سوسائٹی" کے زیر اہتمام گلبرگ لاہور میں قرآن فہمی کی کلاسز لینے کا موقع ملا، اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے میں نے گرامر کے ساتھ ساتھ علامتوں کی مدد سے ترجمۂ قرآن پڑھانے کا ایک سلسلہ شروع کیا، میں وائٹ بورڈ پر قرآنی آیت تحریر کر کے اس کے الفاظ میں موجود گرامر کی علامتوں کی وضاحت کرتا اور الفاظ کو جوڑ توڑ کے ذریعے خوب واضح کر دیتا کہ قرآن کے الفاظ تین اقسام پر مشتمل ہیں: اکثر الفاظ ہم روز مرّہ زندگی میں استعمال کرتے ہیں اور کچھ الفاظ بار بار استعمال ہو کر خود بخود یاد ہو جاتے ہیں اور بہت کم الفاظ ہیں جو نئے اور خالص عربی زبان کے الفاظ ہیں اور انہیں یاد کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے بعد ہر قسم کے قرآنی الفاظ کی شناخت کراتا، الحمدللہ اس طریقہ تدریس میں طلبہ نے خوب دلچسپی کا اظہار کیا۔

2001ء کے وسط میں انہی طلبہ میں سے ایک صاحب خیر طالب علم کے مشورے سے قرآن حکیم کی اشاعت اور خدمت کی غرض سے ادارہ "بیت القرآن" کی داغ بیل ڈال دی گئی۔

میں نے کام کا باقاعدہ آغاز کر دیا، اس سلسلے میں سب سے پہلے گرامر کی علامتوں کے گروپ بنا کر 36 اسباق پر مشتمل ایک کتاب ترتیب دی جو "مفتاح القرآن" کے نام سے شائع کی، اس کے بعد "مصباح القرآن" کے نام سے ایک ایسا ترجمۂ قرآن ترتیب دینا شروع کیا جس میں ان علامات کا عملی انطباق موجود ہو۔

"مصباح القرآن" کا یہ عظیم الشان پروجیکٹ 14 سال کی محنت شاقہ کے نتیجے میں 31 دسمبر 2014 کو پایۂ تکمیل تک پہنچا جو کہ الگ الگ پاروں کی شکل میں شائع ہو چکا ہے۔ الحمدللہ۔

"مصباح القرآن" کی پروف ریڈنگ کے کئی مراحل طے کیے گئے ہیں، ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ اس میں کوئی غلطی نہ رہنے پائے، تاہم انسان غلطیوں سے مبرا ہونے کا دعویٰ نہیں کر سکتا کیونکہ کوتاہیوں سے مبرا ذات تو صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہی ہے۔

آئندہ صفحہ پر "مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ بتا دیا گیا ہے، اگر اس طریقہ کو پیش نظر رکھ کر استفادہ کیا جائے تو ان شاءاللہ نتائج حوصلہ افزا نکلیں گے۔

میرے خیال میں "مصباح القرآن" اپنے منفرد اسلوب کی وجہ سے برصغیر پاک وہند میں شائع ہونے والے تمام تراجم میں سے آسان ترین اور عام فہم ترجمہ ہے، اللہ تعالیٰ اسے اُمتِ اسلامیہ کے لیے نافع اور مقبول عام فرمائے۔ آمین۔

میں تمام معاونین کا شکر گزار ہوں اور خاص طور پر "بیت القرآن ریسرچ ٹیم" کا کہ جن کی ہر مرحلے میں میرے ساتھ معاونت رہی ہے اور یہ عظیم کام پایۂ تکمیل تک پہنچا۔ آخر میں میری استفادہ کرنے والے تمام احباب سے درخواست ہے کہ وہ میرے لیے، میرے والدین، میرے اساتذہ، اہل خانہ، بیت القرآن ریسرچ ٹیم اور اس کار خیر میں معاونت کرنے والے تمام افراد کے لیے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ سب کو اجر و مغفرت سے نوازے، آمین۔

عبد الرحمٰن طاہر

فاضل جامعہ اسلامیہ، مدینہ منورہ، ایم اے عربی، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور
اُستاد: انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ، پنجاب یونیورسٹی، قائد اعظم کیمپس لاہور، پاکستان

"مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر "مصباح القرآن" میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1. دائیں طرف پہلے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کر دی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات "مفتاح القرآن" (لانگ کورس) اور "معلم القرآن" (شارٹ کورس) میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر "مصباح القرآن" کے مطالعہ سے قبل "مفتاح القرآن" اور "معلم القرآن" کی ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جا سکتی ہے۔

2. بائیں طرف دوسرے صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم اُن الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اُردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم و بیش 65 فیصد ہیں۔ اِن الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور اِن کے اُردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کر دی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو اُردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث خود بخود یاد ہو جاتے ہیں اُن کے بارے میں بہت فکرمندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور اِنہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور بالکل نئے ہیں اُنہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور ان کو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

اس صفحہ کا ترجمہ بامحاورہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں، البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں اُنہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر سیاہ الفاظ کے اُردو میں استعمال پر غور کر لیا جائے، نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہو کر خود بخود ہی یاد ہو جاتے ہیں اور صرف سرخ الفاظ یاد کر لیے جائیں تو یقیناً قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (Vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ۔

فَمَنْ [1]	اَظْلَمُ [2]	مِمَّنْ [1][3]	كَذَبَ	عَلَى اللّٰهِ
پھر کون	زیادہ ظالم (ہے)	(اُس) سے جس نے	جھوٹ باندھا	اللہ پر

وَ كَذَّبَ	بِالصِّدْقِ	اِذْ	جَآءَهٗ ط	اَ	لَيْسَ
اور اُس نے جھٹلایا	سچ کو	جب	وہ آیا اس کے پاس	کیا	نہیں (ہے)

فِيْ جَهَنَّمَ	مَثْوًى [4]	لِّلْكٰفِرِيْنَ [5] (32)	وَ	الَّذِيْ	جَآءَ
جہنم میں	کوئی ٹھکانا	کافروں کے لیے	اور	جو	آیا

بِالصِّدْقِ	وَصَدَّقَ	بِهٖٓ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ الْمُتَّقُوْنَ [6] (33)
سچ کے ساتھ	اور اُس نے تصدیق کی	اُس کی	وہ (لوگ)	ہی سب متقی (ہیں)

لَهُمْ [7]	مَّا [8]	يَشَآءُوْنَ	عِنْدَ رَبِّهِمْ ط	ذٰلِكَ [9]	جَزٰٓؤُا
اُن کے لیے	جو	وہ سب چاہیں گے	اُن کے رب کے پاس	یہی	جزا (ہے)

الْمُحْسِنِيْنَ [10] صلے (34)	لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ [11]	عَنْهُمْ	اَسْوَاَ [2]	الَّذِيْ
نیکی کرنے والوں کی	تاکہ اللہ دور کردے	اُن سے	سب سے زیادہ برا (عمل)	جو

عَمِلُوْا	وَ	يَجْزِيَهُمْ	اَجْرَهُمْ	بِاَحْسَنِ	الَّذِيْ
اُن سب نے کیا	اور	وہ بدلے میں دے اُنہیں	اُن کا اجر	بہترین اعمال کا	جو

كَانُوْا	يَعْمَلُوْنَ (35)	اَلَيْسَ	اللّٰهُ	بِكَافٍ [12]	عَبْدَهٗ ط
تھے وہ سب	وہ سب کرتے	کیا نہیں (ہے)	اللہ	کافی	اپنے بندے (کو)

وَ	يُخَوِّفُوْنَكَ	بِالَّذِيْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ [13] ط	وَمَنْ [1]
اور	وہ سب ڈراتے ہیں آپ کو	(اُن لوگوں) سے جو	اس کے سوا (ہیں)	اور جسے

يُّضْلِلِ اللّٰهُ [14]	فَمَا [8]	لَهٗ [7]	مِنْ هَادٍ [4][13][15] ج (36)	وَمَنْ [1]
اللہ گمراہ کردے	تو نہیں (ہے)	اُس کو	کوئی ہدایت دینے والا	اور جسے

يَّهْدِ [14][16]	اللّٰهُ	فَمَا [8]	لَهٗ [7]	مِنْ مُّضِلٍّ [4][13] ط
ہدایت دے	اللہ	تو نہیں (ہے)	اس کو	کوئی گمراہ کرنے والا

اَ	لَيْسَ	اللّٰهُ	بِعَزِيْزٍ [12]	ذِى انْتِقَامٍ (37)
کیا	نہیں (ہے)	اللہ	خوب غالب	انتقام (لینے) والا

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 مَنْ کا ترجمہ عموماً جو، جس اور کبھی کون یا کس بھی کیا جاتا ہے۔

2 اسم کے شروع میں "أ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

3 مِمَّنْ دراصل مِنْ + مَنْ کا مجموعہ ہے۔

4 ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، جس کا ترجمہ ایک، کوئی، کچھ یا کسی کیا جاسکتا ہے۔

5 اسم کے ساتھ لِ کا ترجمہ عموماً کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے۔

6 هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔

7 لَهُمْ اور لَهٗ میں "لَ" دراصل "لِ" تھا یہ پڑھنے میں آسانی کیلئے لَ استعمال ہو جاتا ہے

8 مَا کا ترجمہ عموماً جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔

9 ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُس ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اِس بھی کر دیا جاتا ہے۔

10 اسم کے شروع میں علامت مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

11 فعل کے شروع میں "لِ" اور آخر میں زبر ہو تو اس "لِ" کا ترجمہ تاکہ کیا جاتا ہے۔

12 بِ سے پہلے اگر نفی والا لفظ گزرا ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی، البتہ اس سے جملے میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے

13 یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

14 یہاں یِ کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

15 هَادٍ دراصل هَادِيٌ (هَادِيُنْ) تھا تخفیف کے لیے جب یْ کو حذف کیا گیا تو هَادِنْ ہوا جسے هَادٍ لکھا گیا ہے۔

16 يَهْدِ دراصل يَهْدِيْ تھا قاعدے کے مطابق یْ کو حذف کیا گیا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ	پھر اُس سے بڑا ظالم کون ہے جس نے
كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ	اللہ پر جھوٹ باندھا
وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗ ط	اور اُس نے سچ کو جھٹلایا جب وہ اس کے پاس آیا
اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى	کیا جہنم میں کوئی ٹھکانا نہیں ہے
لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿32﴾	(ان) کافروں کے لیے ؟ ﴿32﴾
وَالَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ	اور (وہ شخص) جو سچ کے ساتھ (یعنی سچ لے کر) آیا
وَصَدَّقَ بِهٖٓ	اور (جس نے) اُس کی تصدیق کی
اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿33﴾	وہی (لوگ) ہی متقی ہیں۔ ﴿33﴾
لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ط	اُنکے لیے انکے رب کے پاس وہی ہے جو وہ چاہیں گے
ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الْمُحْسِنِيْنَ ﴿34﴾ صلے	یہی نیکی کرنے والوں کی جزا ہے۔ ﴿34﴾
لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَسْوَاَ	تاکہ اللہ اُن سے بدترین بُرائی دور کردے
الَّذِيْ عَمِلُوْا وَيَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ	جو اُنہوں نے کی اور اُنہیں بدلے میں اُن کا اجر دے
بِاَحْسَنِ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿35﴾	ان بہترین اعمال کا جو وہ کیا کرتے تھے۔ ﴿35﴾
اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ط	کیا اللہ اپنے بندے کو کافی نہیں ہے
وَيُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ط	اور وہ آپکو (اُن لوگوں) سے ڈراتے ہیں جو اسکے سوا ہیں
وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ	اور جسے اللہ گمراہ کردے
فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿36﴾ ج	تو اُس کو کوئی ہدایت دینے والا نہیں ہے۔ ﴿36﴾
وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ	اور جسے اللہ ہدایت دے
فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ ط	تو اس کو کوئی گمراہ کرنے والا نہیں ہے
اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِي انْتِقَامٍ ﴿37﴾	کیا اللہ خوب غالب انتقام لینے والا نہیں ہے۔ ﴿37﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

اَظْلَمُ	: ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
مِمَّنْ	: منجانب، من حیث القوم۔
كَذَبَ	: کذب بیانی، کذاب، تکذیب۔
عَلَى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
بِالصِّدْقِ	: صداقت، صدق، صادق۔
فِيْ	: فی الحال، فی الحقیقت۔
لِّلْكٰفِرِيْنَ	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
الْمُتَّقُوْنَ	: تقویٰ، متقی۔
مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا۔
يَشَآءُوْنَ	: ماشاءاللہ، مشیّتِ الٰہی۔
عِنْدَ	: عندالطلب، عنداللہ، عندیہ۔
رَبِّهِمْ	: ربِّ کائنات، ربِّ ذوالجلال۔
جَزَآءُ	: جزاوسزا، جزاک اللہ۔
الْمُحْسِنِيْنَ	: احسن، حسن، احسان، محسن۔
اَسْوَاَ	: علمائے سوء، اعمال سیّئہ۔
عَمِلُوْا	: عمل، عامل، معمول، تعمیل۔
يَجْزِيَهُمْ	: جزاوسزا، جزائے خیر۔
اَجْرَهُمْ	: اجروثواب، اجرِعظیم، اجرت۔
بِاَحْسَنِ	: احسن، حسن، احسان، محسن۔
يَعْمَلُوْنَ	: عمل، عامل، معمول، تعمیل۔
بِكَافٍ	: کافی، ناکافی، کفایت۔
عَبْدَهٗ	: عبد، عابد، معبود، عبادت۔
وَ	: عفوودرگزر، مال ودولت۔
يُخَوِّفُوْنَكَ	: خوف وہراس، خائف۔
يُّضْلِلِ	: ضلالت وگمراہی۔
مِنْ	: منجانب، من حیث القوم۔
هَادٍ	: ہدایت، ہادیٔ کائنات۔
يَّهْدِ	: ہدایت، ہادیٔ برحق۔
ذِيْ	: ذیشان، ذی وقار، ذی روح۔
انْتِقَامٍ	: انتقام، انتقامی کاروائی۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

وَلَئِنْ	سَاَلْتَهُمْ	مَّنْ [1]	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ [2]	وَالْاَرْضَ
اور بلاشبہ اگر	آپ پوچھیں اُن سے	کس نے	پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین (کو)

لَيَقُوْلُنَّ [3]	اللّٰهُ ؕ	قُلْ	اَفَرَءَيْتُمْ [4]	مَّا
(تو) وہ ضرور بالضرور کہیں گے	اللہ نے	آپ کہہ دیجیے	تو (بھلا) کیا تم نے دیکھا	جن (ہستیوں کو)

تَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ [5]	اِنْ	اَرَادَنِيَ [6]	اللّٰهُ [7]
تم سب پکارتے ہو	اللہ کے سوا	اگر	میرے ساتھ ارادہ کرے	اللہ

بِضُرٍّ [8]	هَلْ	هُنَّ [9]	كٰشِفٰتُ [2]	ضُرِّهٖٓ
کوئی تکلیف (پہنچانے) کا	کیا	وہ (ہستیاں)	دور کرنے والی (ہیں)	اُس کی تکلیف (کو)

اَوْ	اَرَادَنِيْ [6]	بِرَحْمَةٍ [2][8]	هَلْ	هُنَّ [9]
یا	وہ ارادہ کرے میرے ساتھ	کسی مہربانی کرنے کا	کیا	وہ (ہستیاں)

مُمْسِكٰتُ [2][10]	رَحْمَتِهٖ ؕ	قُلْ [11]	حَسْبِيَ اللّٰهُ ؕ [6]
روکنے والی (ہیں)	اُس کی رحمت (کو)	آپ کہہ دیجیے	مجھے اللہ ہی کافی ہے

عَلَيْهِ	يَتَوَكَّلُ [12]	الْمُتَوَكِّلُوْنَ (38) [12]	قُلْ [11]
اُسی پر	وہ بھروسا کرتے ہیں	سب بھروسا کرنے والے	آپ کہہ دیجیے

يٰقَوْمِ [13]	اعْمَلُوْا	عَلٰى مَكَانَتِكُمْ	اِنِّيْ	عَامِلٌ ۚ
اے (میری) قوم	تم سب عمل کرو	اپنی جگہ پر	بیشک میں (بھی)	عمل کرنے والا (ہوں)

فَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ (39) ۙ	مَنْ [1]	يَّاْتِيْهِ	عَذَابٌ [7]
پھر جلد ہی	تم سب جان لوگے	کون (ہے)	وہ آتا ہے اس کے پاس	عذاب

يُّخْزِيْهِ	وَيَحِلُّ	عَلَيْهِ	عَذَابٌ	مُّقِيْمٌ [14] (40)
وہ رسوا کردے گا اُسے	اور وہ اُترتا ہے	اُس پر	عذاب	ہمیشہ رہنے والا

اِنَّآ [15]	اَنْزَلْنَا [16]	عَلَيْكَ	الْكِتٰبَ	لِلنَّاسِ
بلاشبہ ہم	ہم نے نازل کی	آپ پر	کتاب	لوگوں کے لیے

بِالْحَقِّ ۚ	فَمَنِ [1]	اهْتَدٰى	فَلِنَفْسِهٖ ۚ
حق کے ساتھ	پھر جو	ہدایت پر چلا	تو اپنی جان کے لیے (چلا)

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] مَنْ کا ترجمہ عموماً جو، جس اور کبھی کون یا کس بھی کیا جاتا ہے۔

[2] ات اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[3] لَ فعل کے شروع میں اور آخر میں نّ میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ضرور بالضرور کیا گیا ہے۔

[4] جب "أ" کے بعد "وَ یا فَ" ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[5] یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[6] اگر فعل کے آخر میں یْ آئے تو فعل اور اس یْ کے درمیان نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے اگلے لفظ سے ملانے کے لیے یَ پر زبر دی گئی ہے۔

[7] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

[8] ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، جس کا ترجمہ کوئی، ایک، یا کسی کیا گیا ہے۔

[9] هُنَّ جمع مؤنث کی علامت ہے۔

[10] اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[11] قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے یہاں قاعدے کے مطابق و کو حذف کیا گیا ہے۔

[12] علامت "تـ" اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

[13] يٰقَوْمِ دراصل يَاقَوْمِيْ تھا آخر سے یْ تخفیف کے لیے حذف کی ہوئی ہے۔

[14] مُقِيْمٌ دراصل مُقْوِمٌ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے و کی زیر پچھلے ساکن حرف کو دے کر اُسے یْ سے بدلا گیا ہے۔

[15] اِنَّآ دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔

[16] نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے حرف پر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ	اور بلاشبہ اگر آپ اُن سے پوچھیں
مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ	آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا
لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ	(تو) ضرور بالضرور وہ کہیں گے: اللہ نے
قُلْ اَفَرَءَيْتُمْ	کہہ دیجیے تو (بھلا) کیا تم نے دیکھا (یعنی غور کیا)
مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	جن (ہستیوں) کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو
اِنْ اَرَادَنِيَ اللّٰهُ بِضُرٍّ	اگر اللہ مجھے کوئی تکلیف (پہنچانے) کا ارادہ کرے
هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖۤ	کیا وہ (ہستیاں) اُسکی (دی ہوئی) تکلیف کو دور کرنی والی ہیں؟
اَوْ اَرَادَنِيْ بِرَحْمَةٍ	یا (اگر) وہ مجھ پر کسی مہربانی کرنے کا ارادہ کرے
هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ؕ	کیا وہ (ہستیاں) اُسکی رحمت (مہربانی) کو روکنے والی ہیں؟
قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ؕ	آپ کہہ دیجیے: مجھے اللہ ہی کافی ہے
عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿38﴾	اُسی پر بھروسا کرنے والے بھروسا کرتے ہیں۔ ﴿38﴾
قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ	آپ کہہ دیجیے اے میری قوم تم اپنی جگہ پر عمل کیے جاؤ
اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ	بیشک میں (اپنی جگہ) عمل کرنے والا ہوں
فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ﴿39﴾	پھر جلد ہی تم جان لوگے۔ ﴿39﴾
مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ	(کہ) کس پر عذاب آتا ہے
يُّخْزِيْهِ	(جو) اُسے رسوا کر دے گا
وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿40﴾	اور اُس پر ہمیشہ رہنے والا عذاب اُترتا ہے۔ ﴿40﴾
اِنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ	بلاشبہ ہم نے آپ پر کتاب نازل کی
لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۚ	لوگوں کے لیے حق کے ساتھ
فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ ۚ	پھر جو ہدایت پر چلا تو اپنی جان کے لیے (چلا)

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

سَاَلْتَهُمْ	سوال، سائل، مسئول۔
خَلَقَ	خلق، تخلیق، خالق، مخلوق۔
السَّمٰوٰتِ	ارض وسما، کتب سماویہ۔
الْاَرْضَ	ارض وسما، قطعہ اراضی۔
لَيَقُوْلُنَّ قُلْ	قول، قائل، اقوال زریں۔
فَرَءَيْتُمْ	رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی اشیا۔
مَّا	ماحول، ماتحت، ماجرا۔
تَدْعُوْنَ	دعا، داعی، مدعو، دعوت۔
مِنْ	منجانب، من حیث القوم۔
اَرَادَنِيَ	ارادہ، مرید، مراد۔
بِضُرٍّ، ضُرِّهٖۤ	مضر صحت، ضرر رساں۔
مُمْسِكٰتُ	امساک، تمسّک۔
رَحْمَتِهٖ	رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن۔
يَتَوَكَّلُ	توکل، متوکل علی اللہ۔
يٰقَوْمِ	یااللہ، یارحمٰن، یارحیم یاکریم۔
يٰقَوْمِ	قوم، اقوام، من حیث القوم۔
اعْمَلُوْا	عمل، عامل، معمول، تعمیل۔
مَكَانَتِكُمْ	کون ومکان، مکانات، مکین۔
تَعْلَمُوْنَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
عَذَابٌ	عذاب، عذاب الٰہی۔
عَلَيْهِ	علیحدہ، علی الاعلان۔
مُّقِيْمٌ	قائم، قیام، مقیم، قیامت۔
اَنْزَلْنَا	نازل، نزول، منزل من اللہ۔
عَلَيْكَ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم
الْكِتٰبَ	کتاب، کُتب، کاتب۔
لِلنَّاسِ	الحمد للہ، لہٰذا۔
لِلنَّاسِ	عوام الناس، عامۃ الناس۔
بِالْحَقِّ	حق وباطل، حقیقت۔
اهْتَدٰى	ہدایت، ہادی برحق۔
فَلِنَفْسِهٖ	نفس، نفسا نفسی، نظام تنفس۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

ع 4 10 1

وَمَنْ	ضَلَّ	فَاِنَّمَا [1]	يَضِلُّ	عَلَيْهَا ج
اور جو	گمراہ ہوا	تو بیشک صرف	وہ گمراہ ہوتا ہے	اس پر

وَمَآ	اَنْتَ	عَلَيْهِمْ	بِوَكِيْلٍ [2][3][4] ع (41)	اَللّٰهُ	يَتَوَفَّى [5]
اور نہیں (ہیں)	آپ	اُن پر	ہرگز کوئی ذمہ دار	اللہ (ہی)	وہ قبض کرتا ہے

الْاَنْفُسَ [6]	حِيْنَ مَوْتِهَا	وَ	الَّتِيْ	لَمْ تَمُتْ [7]
جانوں (روحوں) کو	ان کی موت کے وقت	اور (ان کو بھی)	جو	نہیں مریں

فِيْ مَنَامِهَا ج	فَيُمْسِكُ	الَّتِيْ	قَضٰى	عَلَيْهَا
ان کی نیند میں	پھر وہ روک لیتا ہے	(اُسے) جو	وہ فیصلہ کر دے	اس پر

الْمَوْتَ	وَ	يُرْسِلُ	الْاُخْرٰٓى	اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ط [8][3]
موت (کا)	اور	وہ (واپس) بھیج دیتا ہے	دوسری (روحوں) کو	ایک وقت مقرر تک

اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ [9]	لَاٰيٰتٍ [7]	لِّقَوْمٍ	يَّتَفَكَّرُوْنَ [5] (42)
بیشک	اس میں	یقیناً نشانیاں (ہیں)	(اُن) لوگوں کے لیے	(جو) وہ سب غور و فکر کرتے ہیں

اَمِ	اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ [10]	شُفَعَآءَ ط	قُلْ
کیا	اُنہوں نے بنائے ہیں	اللہ کے سوا	سفارشی	آپ کہہ دیجیے

اَوَ	لَوْ	كَانُوْا	لَا يَمْلِكُوْنَ	شَيْـًٔا [3]
اور (بھلا) کیا	اگرچہ	وہ سب ہوں	وہ سب اختیار نہ رکھتے	کسی چیز (کا)

وَّ	لَا يَعْقِلُوْنَ (43)	قُلْ	لِّلّٰهِ	الشَّفَاعَةُ [7]
اور	نہ وہ سب عقل رکھتے ہوں	آپ کہہ دیجیے	اللہ (ہی) کے لیے (ہے)	سفارش

جَمِيْعًا ط	لَهٗ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ [7]	وَالْاَرْضِ ط
سب کی سب	اُسی کے لیے	بادشاہی (ہے)	آسمانوں	اور زمین (کی)

ثُمَّ	اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ [11] (44)	وَاِذَا	ذُكِرَ [12]
پھر	اُسی کی طرف	تم سب لوٹائے جاؤ گے	اور جب	ذکر کیا جائے

اللّٰهُ	وَحْدَهُ	اشْمَاَزَّتْ [7]	قُلُوْبُ	الَّذِيْنَ
اللہ (کا کہ)	اُس کی یکتائی (ہے)	تو تنگ پڑ جاتے ہیں	(اُن لوگوں کے) دل	جو

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1. اِنَّمَا جب بھی اِنَّ کے ساتھ مَا آجائے تو اس میں بیشک صرف، محض یا بس کا مفہوم ہوتا ہے۔
2. بِ سے پہلے اگر نفی والا لفظ گزرا ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی، البتہ اس سے جملے میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے اسی لیے ترجمہ میں بالکل یا ہرگز کا مفہوم پایا جاتا ہے۔
3. ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، جس کا ترجمہ ایک، کوئی، کچھ یا کسی کیا جاسکتا ہے۔
4. نبی اکرم ﷺ کو تسلی دی گئی ہے کہ جو گمراہی اختیار کرے گا تو اس کا وبال خود اسی پر ہوگا اس پر آپ ﷺ کا مواخذہ نہ ہوگا۔
5. علامت "تـ" اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔
6. فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔
7. تـ، ۃ، ات اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
8. یعنی نیند میں اللہ کے حکم سے روح نکل جاتی ہے اور بیدار ہونے پر دوبارہ واپس بھیج دی جاتی ہے البتہ جس کی زندگی کے دن پورے ہو چکے ہوں تو اس کی روح واپس نہیں آتی اور وہ موت سے ہمکنار ہو جاتا ہے
9. ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُس ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اِس بھی کر دیا جاتا ہے۔
10. یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
11. علامت تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔
12. فُعِلَ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ کیا جائے کیا گیا ہے۔

وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا	اور جو گمراہ ہوا تو بے شک صرف
يَضِلُّ عَلَيْهَا ج	وہ گمراہ ہوتا ہے اُسی پر (یعنی اسکی گمراہی کا وبال اُسی کی جان پر ہے)
ع 4 10 1 وَمَا اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿41﴾ ع	اور (اے پیغمبر) آپ اُن پر ہرگز کوئی ذمہ دار نہیں ہیں ﴿41﴾ ع
اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ	اللہ (ہی) قبض کرتا ہے جانوں (روحوں) کو
حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ	ان کی موت کے وقت اور جو نہیں مریں
فِيْ مَنَامِهَا ج فَيُمْسِكُ	اُن کی نیند میں (قبض کر لیتا)، پھر وہ روک لیتا ہے
الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ	اُس (روح) کو جس پر وہ موت کا فیصلہ کر دے
وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰٓى	اور وہ (واپس) بھیج دیتا ہے دوسری (روحوں) کو
اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ط	ایک مقرر وقت تک (کے لیے)
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ	بیشک اس میں یقیناً نشانیاں ہیں اُن لوگوں کے لیے
يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿42﴾	(جو) غور و فکر کرتے ہیں۔ ﴿42﴾
اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُفَعَآءَ ط	کیا انہوں نے اللہ کے سوا سفارشی بنائے ہیں
قُلْ اَوَلَوْ	(تو) آپ کہہ دیجیے اور (بھلا) کیا اگرچہ
كَانُوْا لَا يَمْلِكُوْنَ شَيْـًٔا	وہ کسی چیز کا (بھی) اختیار نہ رکھتے ہوں
وَّلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿43﴾ قُلْ	اور نہ وہ عقل رکھتے ہوں۔ ﴿43﴾ آپ کہہ دیجیے
لِلّٰهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيْعًا ط	سفارش سب کی سب اللہ ہی کے اختیار میں ہے
لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط	اُسی کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی ہے
ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿44﴾	پھر اُسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ ﴿44﴾
وَاِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ	اور جب اس اکیلے اللہ کا ذکر کیا جائے
اشْمَاَزَّتْ قُلُوْبُ الَّذِيْنَ	تو ان (لوگوں) کے دل تنگ پڑ جاتے ہیں جو

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

وَ	مال و دولت، شان و شوکت۔
ضَلَّ	ضلالت و گمراہی۔
يَضِلُّ	ضلالت و گمراہی۔
عَلَيْهَا	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
بِوَكِيْلٍ	وکیل، وکالت۔
يَتَوَفَّى	فوت، وفات، فوتگی۔
الْاَنْفُسَ	نفس، نفسا نفسی، نظامِ تنفس۔
مَوْتِهَا	موت و حیات، حیاتی و مماتی۔
فِيْ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
فَيُمْسِكُ	امساک، تمسّک۔
قَضٰى	قضا، قاضی، قاضی القضاۃ۔
يُرْسِلُ	رسول، مرسل، رسالت۔
الْاُخْرٰٓى	آخرت، اُخروی زندگی۔
اِلٰٓى	مرسل الیہ، مکتوب الیہ۔
اَجَلٍ	فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل۔
مُّسَمًّى	اسم بامسمّٰی، مسمّاۃ۔
يَّتَفَكَّرُوْنَ	فکر، مفکر، تفکر، تفکرات۔
اتَّخَذُوْا	اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
مِنْ	منجانب، من حیث القوم۔
شُفَعَآءَ	شفاعت، شافع محشر، شفیع۔
يَمْلِكُوْنَ	مالک الملک، مُلک و ملت۔
شَيْـًٔا	شے، اشیائے خورد و نوش۔
يَعْقِلُوْنَ	عقل، عاقل، معقول۔
جَمِيْعًا	جمع، جامع، جماعت، اجتماع۔
السَّمٰوٰتِ	ارض و سما، کتب سماویہ۔
الْاَرْضِ	ارض و سما، قطعہ اراضی۔
تُرْجَعُوْنَ	رجوع، راجع، رجعت پسندی۔
ذُكِرَ	ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
وَحْدَهٗ	واحد، احد، توحید، موحّد۔
قُلُوْبُ	قلبی تعلق، امراض قلب۔

لَا يُؤْمِنُوْنَ [1]	بِالْاٰخِرَةِ ج [2][3]	وَاِذَا [4]	ذُكِرَ [5]	الَّذِيْنَ
نہیں وہ سب ایمان رکھتے	آخرت پر	اور جب	ذکر کیا جائے	جو

مِنْ دُوْنِهٖٓ [6]	اِذَا [4]	هُمْ	يَسْتَبْشِرُوْنَ (45)	قُلِ	اللّٰهُمَّ [7]
اُس کے سوا(ہیں)	اچانک	وہ سب	وہ سب بہت خوش ہوتے ہیں	کہہ دیجیے	اے اللہ

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ [3]	وَ	الْاَرْضِ	عٰلِمَ الْغَيْبِ	وَ
آسمانوں کے پیدا کرنے والے	اور	زمین(کے)	جاننے والے پوشیدہ(کے)	اور

الشَّهَادَةِ [3]	اَنْتَ	تَحْكُمُ	بَيْنَ عِبَادِكَ	فِيْ مَا
ظاہر(کے)	تو(ہی)	تو فیصلہ کرے گا	اپنے بندوں(کے) درمیان	(اُن باتوں) میں جو

كَانُوْا	فِيْهِ	يَخْتَلِفُوْنَ (46)	وَ	لَوْ [8]	اَنَّ [9]
تھے وہ سب	اس میں	وہ سب اختلاف کرتے	اور	اگر	واقعی

لِلَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	مَا	فِي الْاَرْضِ	جَمِيْعًا
(اُن لوگوں) کے لیے جن	سب نے ظلم کیا	جو	زمین میں (ہے)	وہ سب کچھ(ہو)

وَّ	مِثْلَهٗ [10]	مَعَهٗ [10]	لَافْتَدَوْا [11]	بِهٖ [2]
اور	اُس کی مثل(اور ہو)	اُس کے ساتھ	ضرور سب فدیہ میں دیں	اُس کو

مِنْ سُوْٓءِ الْعَذَابِ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ط [3][12]	وَبَدَا [13]	لَهُمْ [14]
برے عذاب سے (بچنے کے لیے)	قیامت کے دن	اور ظاہر ہو جائے گا	اُن کے لیے

مِّنَ اللّٰهِ	مَا	لَمْ	يَكُوْنُوْا [15]	يَحْتَسِبُوْنَ (47)
اللہ(کی طرف) سے	(وہ عذاب) جس کا	نہیں	وہ سب تھے	وہ سب گمان کرتے

وَبَدَا [13]	لَهُمْ [14]	سَيِّاٰتُ [3]	مَا	كَسَبُوْا
اور ظاہر ہو جائیں گے	اُن کے لیے	(اُن کے اعمال کی) برائیاں	جو	اُن سب نے کمائے(ہونگے)

وَ	حَاقَ [13]	بِهِمْ [2]	مَّا	كَانُوْا	بِهٖ [2]
اور	گھیر لے گا	اُن کو (وہ عذاب)	جس کا	تھے وہ سب	اس کا

يَسْتَهْزِءُوْنَ (48)	فَاِذَا [4]	مَسَّ	الْاِنْسَانَ	ضُرٌّ [16]
وہ سب مذاق اُڑاتے	پھر جب	پہنچے	انسان کو	کوئی تکلیف

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

2 بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

3 ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

4 اِذَا کا ترجمہ عموماً جب اور کبھی اچانک بھی کیا جاتا ہے۔

5 فُعِلَ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ کیا جائے کیا گیا ہے ۔

6 یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

7 جب اللہ تعالیٰ کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے پکارنا ہو تو لفظ اللّٰہ کے آخر میں مَّ لگایا جاتا ہے۔

8 لَوْ کا ترجمہ کبھی اگر کبھی کاش ہوتا ہے۔

9 اَنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے

10 ہٗ یا ہٖ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اس کا، اس کی، اس کے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

11 شروع میں "لَ" تاکید کی علامت ہے جس کا ترجمہ ضرور یا یقیناً کیا جاتا ہے۔

12 یعنی یہ اپنی خلاصی کے لیے سب کچھ دینے کے لیے تیار ہو جائیں گے لیکن کچھ قبول نہ ہوگا۔

13 یہ فعل ماضی ہے، یہاں ترجمہ ضرورتاً مستقبل میں کیا گیا ہے۔

14 لَهُمْ میں "لَ" دراصل "لِ" تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہو جاتا ہے۔

15 لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔

16 ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، جس کا ترجمہ ایک، کوئی، کچھ یا کسی کیا جاسکتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ ۚ	آخرت پر ایمان نہیں رکھتے
وَاِذَا ذُكِرَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ	اور جب ذکر کیا جائے (اُن معبودوں کا) جو اُس کے سوا ہیں
اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿45﴾	(تو) اچانک وہ بہت خوش ہوتے ہیں۔ ﴿45﴾
قُلِ اللّٰهُمَّ	آپ کہہ دیجیے اے اللہ
فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	(اے) آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے
عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ	(اے) پوشیدہ اور ظاہر کے جاننے والے
اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ	تو (ہی) اپنے بندوں کے درمیان فیصلہ کرے گا
فِيْ مَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿46﴾	اُن (باتوں) میں جن میں وہ اختلاف کرتے تھے ﴿46﴾
وَلَوْ اَنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا	اور اگر واقعی اُن (لوگوں) کے لیے جنھوں نے ظلم کیا
مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا	وہ سب کچھ ہو جو زمین میں ہے
وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ	اور اُس کی مثل اُس کے ساتھ (اور بھی ہو)
لَافْتَدَوْا بِهٖ	(تو) ضرور وہ فدیہ میں دے دیں اُس کو
مِنْ سُوْٓءِ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ	قیامت کے دن برے عذاب سے (بچنے کے لیے)
وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ	اور اُن کے لیے اللہ کی طرف سے ظاہر ہو جائے گا
مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ ﴿47﴾	(وہ عذاب) جس کا وہ گمان نہیں کرتے تھے۔ ﴿47﴾
وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ	اور اُنکے لیے (اُنکے اعمال کی) برائیاں ظاہر ہو جائیں گی
مَا كَسَبُوْا	جو اُنھوں نے کمائے ہوں گے
وَحَاقَ بِهِمْ	اور اُن کو (وہ عذاب) گھیر لے گا
مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿48﴾	جس کا وہ مذاق اُڑاتے تھے۔ ﴿48﴾
فَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ	پھر جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچے

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب۔
يُؤْمِنُوْنَ : ایمان، مومن، امن۔
بِالْاٰخِرَةِ : فکرِ آخرت، اُخروی زندگی۔
ذُكِرَ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذکورہ۔
يَسْتَبْشِرُوْنَ : بشارت، مبشر، بشیر۔
قُلِ : قول، اقوال، قائل، مقولہ۔
فَاطِرَ : فطرت، فطری تقاضا۔
عٰلِمَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
الشَّهَادَةِ : شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔
تَحْكُمُ : حکم، احکام، حاکم، محکوم۔
بَيْنَ : بین بین، بین الاقوامی۔
عِبَادِكَ : عبد، عابد، معبود، عبادت۔
فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا۔
يَخْتَلِفُوْنَ : خلاف، مخالف، اختلاف۔
ظَلَمُوْا : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
الْاَرْضِ : ارض وسما، قطعہ اراضی۔
جَمِيْعًا : جمع، جامع، جماعت، اجتماع۔
مَعَهٗ : مع اہل وعیال، معیّت۔
لَافْتَدَوْا : فدیہ۔
سُوْٓءِ : علمائے سوء، اعمالِ سیّئہ۔
الْقِيٰمَةِ : قائم، قیام، مقیم، قیامت۔
بَدَا : بادی النظر۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا۔
سَيِّاٰتُ : علمائے سوء، اعمالِ سیّئہ۔
كَسَبُوْا : کسبِ حلال، اکتسابِ فیض۔
يَسْتَهْزِءُوْنَ : استہزاء کرنا۔
مَسَّ : مس، مساس۔
الْاِنْسَانَ : انسان، انسانیت، جن وانس۔
ضُرٌّ : مضرِ صحت، ضرر رساں۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

دَعَانَا ز [1]	ثُمَّ اِذَا	خَوَّلْنٰهُ [1]	نِعْمَةً [2][3]	مِّنَّا لا [4]
(تو) وہ پکارتا ہے ہمیں	پھر جب	ہم عطا کرتے ہیں اُسے	کوئی نعمت	اپنی (طرف) سے

قَالَ [1]	اِنَّمَآ [5]	اُوْتِيْتُهٗ	عَلٰى عِلْمٍ ط [3]	بَلْ
(تو) کہتا ہے	بیشک صرف	میں دیا گیا ہوں اُسے	(اپنے) ایک علم (کی بنیاد) پر	(نہیں) بلکہ

هِيَ	فِتْنَةٌ [2][3]	وَّلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ [6] (49)	قَدْ
وہ	ایک آزمائش (ہے)	اور لیکن	ان کے اکثر	نہیں وہ سب جانتے	یقیناً

قَالَهَا	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	فَمَآ [7]	اَغْنٰى	عَنْهُمْ
کہا اسے	(اُن لوگوں نے) جو	ان سے پہلے (تھے)	تو نہ	کام آیا	اُن کے

مَّا [7]	كَانُوْا	يَكْسِبُوْنَ (50)	فَاَصَابَهُمْ	سَيِّاٰتُ [2]
جو	تھے وہ سب	وہ سب کمایا کرتے	تو پہنچا اُن کو	برائیوں (کا وبال)

مَا [7]	كَسَبُوْا ط	وَالَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	مِنْ هٰٓؤُلَآءِ
جو	ان سب نے کمائیں	اور (وہ لوگ) جن	سب نے ظلم کیا	اِن میں سے

سَيُصِيْبُهُمْ [8]	سَيِّاٰتُ [2]	مَا [7]	كَسَبُوْا لا	وَمَا [7]
عنقریب پہنچے گا اُن کو	برائیوں (کا وبال)	جو	اُنہوں نے کمائیں	اور نہیں (ہیں)

هُمْ [9]	بِمُعْجِزِيْنَ [10][11] (51)	اَوَ [12]	لَمْ	يَعْلَمُوْٓا [13]
وہ سب	سب (ہرگز) عاجز کرنے والے	اور (بھلا) کیا	نہیں	اُن سب نے جانا

اَنَّ	اللّٰهَ	يَبْسُطُ [14]	الرِّزْقَ [14]	لِمَنْ
کہ بیشک	اللہ	وہ کشادہ کرتا ہے	رزق کو	جس کے لیے

يَّشَآءُ	وَ	يَقْدِرُ ط	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ [15]
وہ چاہتا ہے	اور	وہی تنگ کرتا ہے (جس کے لیے چاہتا ہے)	بے شک	اس میں

لَاٰيٰتٍ [2]	لِّقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ ع (52)	قُلْ
یقیناً نشانیاں (ہیں)	(اُن) لوگوں کے لیے	(جو) وہ سب ایمان لاتے ہیں	آپ کہہ دیجیے

ع 5 11 2

يٰعِبَادِيَ [16]	الَّذِيْنَ	اَسْرَفُوْا	عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ
اے میرے بندو!	جن	سب نے زیادتی کی	اپنی جانوں پر

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 یہ فعل ماضی ہے، یہاں ترجمہ ضرورتاً حال میں کیا گیا ہے۔
2 ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
3 ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔
4 مِنَّا دراصل مِنْ + نَا کا مجموعہ ہے۔
5 اِنَّمَا کے ساتھ جب بھی مَا آجائے تو اس میں صرف، بس یا محض کا مفہوم شامل ہوجاتا ہے۔
6 لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔
7 مَا کا ترجمہ عموماً جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔
8 یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
9 علامت هُمْ اگر الگ استعمال ہو تو ترجمہ وہ سب کیا جاتا ہے۔
10 بِ سے پہلے اگر مَا گزرا ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی، البتہ اس سے جملے میں تاکید کا مفہوم شامل ہوجاتا ہے اسی لیے ترجمہ بالکل یا ہرگز کیا جاتا ہے۔
11 اسم کے شروع میں مُـ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔
12 جب "أ" کے بعد "وَ یا فَ" ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔
13 لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔
14 فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔
15 ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُس ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اِس بھی کر دیا جاتا ہے۔
16 ی کو اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زبر دیتے ہیں۔

دَعَانَا ز	(تو) وہ ہمیں پکارتا ہے
ثُمَّ اِذَا خَوَّلْنٰهُ	پھر جب ہم عطا کرتے ہیں اُسے
نِعْمَةً مِّنَّا لا قَالَ	اپنی طرف سے کوئی نعمت (تو) کہتا ہے
اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ ط	بیشک صرف میں دیا گیا ہوں یہ (اپنے) ایک علم (کی بنیاد) پر
بَلْ هِىَ فِتْنَةٌ	(نہیں) بلکہ وہ ایک آزمائش ہے
وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿49﴾	اور لیکن ان کے اکثر نہیں جانتے۔ ﴿49﴾
قَدْ قَالَهَا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ	یقیناً یہ بات (اُن لوگوں نے) کہی جو ان سے پہلے تھے
فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ	تو اُن کے کام نہ آیا
مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿50﴾	جو وہ کمایا کرتے تھے۔ ﴿50﴾
فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ط	تو پہنچا اُنہیں اُن برائیوں کا وبال جو انہوں نے کیں
وَالَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ هٰٓؤُلَآءِ	اور اِن میں سے (وہ لوگ) جنہوں نے ظلم کیا
سَيُصِيْبُهُمْ سَيِّاٰتُ	عنقریب اُنہیں ان برائیوں کا وبال پہنچے گا
مَا كَسَبُوْا لا	جو اُنہوں نے کیں
وَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿51﴾	اور وہ ہرگز عاجز کرنے والے نہیں ہیں۔ ﴿51﴾
اَوَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ	اور (بھلا) کیا اُنہوں نے نہیں جانا کہ بیشک اللہ
يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ	رزق کشادہ کرتا ہے جس کے لیے وہ چاہتا ہے
وَيَقْدِرُ ط اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ	اور وہی تنگ کرتا ہے، بیشک اس میں یقیناً نشانیاں ہیں
لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ع ﴿52﴾ (ع 5 11 2)	اُن لوگوں کے لیے (جو) ایمان لاتے ہیں۔ ﴿52﴾
قُلْ يٰعِبَادِىَ	(اے پیغمبر) آپ (میری طرف سے) کہہ دیجیے اے میرے بندو!
الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ	جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- دَعَانَا : دعا، داعی، مدعی، مدعو۔
- نِعْمَةً : نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
- مِّنَّا : منجانب، من وعن۔
- قَالَ : قول، اقوال، قائل، مقولہ۔
- بَلْ : بلکہ۔
- لٰكِنَّ : لیکن۔
- اَكْثَرَهُمْ : کثرت، اکثر، کثیر۔
- يَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
- قَبْلِهِمْ : قبل از وقت، قبل الکلام۔
- اَغْنٰى : غنی، مستغنی، اغنیا۔
- يَكْسِبُوْنَ : کسبِ حلال، اکتسابِ فیض۔
- فَاَصَابَهُمْ : مصیبت، مصائب۔
- سَيِّاٰتُ : علمائے سوء، اعمال سیئہ۔
- ظَلَمُوْا : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
- سَيُصِيْبُهُمْ : مصیبت، مصائب۔
- سَيِّاٰتُ : علمائے سوء، اعمال سیئہ۔
- مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا۔
- كَسَبُوْا : کسبِ حلال، اکتسابِ فیض۔
- بِمُعْجِزِيْنَ : عاجز، عاجزی، عجز و نیاز۔
- يَعْلَمُوْٓا : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
- يَبْسُطُ : شرح و بسط، بساط لپیٹنا۔
- يَّشَآءُ : ماشاءاللہ، مشیتِ الٰہی۔
- لَاٰيٰتٍ : آیت، آیات۔
- لِّقَوْمٍ : قوم، اقوام، من حیث القوم۔
- يُّؤْمِنُوْنَ : ایمان، مومن، امن۔
- قُلْ : قول، اقوال، قائل، مقولہ۔
- يٰعِبَادِىَ : یااللہ، یاالٰہی، یاخالد۔
- يٰعِبَادِىَ : عبد، عابد، معبود، عبادت۔
- اَسْرَفُوْا : اسراف و تبذیر۔
- اَنْفُسِهِمْ : نفس، نفسا نفسی، نظام تنفس۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

لَا تَقْنَطُوْا [1]	مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ [2]	اِنَّ اللّٰهَ	يَغْفِرُ	الذُّنُوْبَ [3]
تم سب نااُمید نہ ہو جاؤ	اللہ کی رحمت سے	بیشک اللہ	وہ بخش دیتا ہے	گناہوں کو

جَمِيْعًا ؕ	اِنَّهٗ	هُوَ الْغَفُوْرُ [4]	الرَّحِيْمُ (53)	وَ	اَنِيْبُوْٓا [5]
سب کے سب	بیشک وہ	ہی بہت بخشنے والا	بڑا رحم کرنے والا (ہے)	اور	تم سب رجوع کرو

اِلٰى رَبِّكُمْ	وَ	اَسْلِمُوْا [5]	لَهٗ	مِنْ قَبْلِ	اَنْ
اپنے رب کی طرف	اور	تم سب فرمانبردار ہو جاؤ	اُس کے	(اس) سے پہلے	کہ

يَّاْتِيَكُمُ	الْعَذَابُ	ثُمَّ	لَا تُنْصَرُوْنَ [6] [7] (54)	وَ	اتَّبِعُوْٓا [5]
وہ آجائے تم پر	عذاب	پھر	تم سب مدد نہیں کیے جاؤ گے	اور	تم سب پیروی کرو

اَحْسَنَ [8]	مَآ	اُنْزِلَ [9]	اِلَيْكُمْ	مِّنْ رَّبِّكُمْ
سب سے اچھے (کلام) کی	جو	نازل کیا گیا	تمہاری طرف	تمہارے رب (کی طرف) سے

مِّنْ قَبْلِ	اَنْ	يَّاْتِيَكُمُ	الْعَذَابُ	بَغْتَةً [2]	وَّ [10]	اَنْتُمْ
(اس) سے پہلے	کہ	وہ آجائے تم پر	عذاب	اچانک	جبکہ	تم

لَا تَشْعُرُوْنَ [6] (55) لا	اَنْ تَقُوْلَ [11]	نَفْسٌ [12]	يّٰحَسْرَتٰى [13]	عَلٰى مَا
تم سب شعور نہ رکھتے ہو	(ایسا نہ ہو) کہ کہے	کوئی نفس	ہائے افسوس	(اس) پر جو

فَرَّطْتُّ	فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ	وَاِنْ [14]	كُنْتُ	لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ (56) لا
میں نے کوتاہی کی	اللہ کے حق میں	اور بلاشبہ	میں تھا	یقیناً مذاق کرنے والوں میں سے

اَوْ	تَقُوْلَ [11]	لَوْ [15]	اَنَّ اللّٰهَ	هَدٰىنِيْ	لَكُنْتُ
یا	وہ کہے	اگر	بے شک اللہ	مجھے ہدایت دے دیتا	(تو) ضرور میں ہوتا

مِنَ الْمُتَّقِيْنَ (57) لا	اَوْ	تَقُوْلَ [11]	حِيْنَ	تَرَى [11]	الْعَذَابَ [3]	لَوْ [15]
پرہیزگاروں میں سے	یا	وہ کہے	جب	وہ دیکھے	عذاب کو	کاش

اَنَّ	لِيْ	كَرَّةً [2]	فَاَكُوْنَ	مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ (58)
واقعی	میرے لیے (ہو)	ایک بار لوٹنا	تو میں ہو جاؤں	نیک عمل کرنے والوں میں سے

بَلٰى	قَدْ	جَآءَتْكَ [2]	اٰيٰتِيْ
ہاں کیوں نہیں	یقیناً	آئیں تمھیں تیرے پاس	میری آیتیں

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1. لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں سب کو کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔
2. ۃ اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں۔
3. فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔
4. هُوَ کے بعد الْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی، وہی کیا جاتا ہے۔
5. فعل کے شروع میں "اَ" اور آخر میں وْا ہو تو اس میں عموماً کام کرنے کا حکم ہوتا ہے
6. لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔
7. علامت تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔
8. اسم کے شروع میں علامت "اَ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔
9. فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔
10. "وَ" کا ترجمہ عموماً اور ہوتا ہے کبھی حالانکہ یا جبکہ کبھی قسم ہے بھی کیا جاتا ہے۔
11. تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
12. ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔
13. يٰحَسْرَتٰى دراصل يَاحَسْرَتِيْ تھا جس کا مفہوم ہے اے میری بدقسمتی، اے میری پشیمانی، صد حیف مجھ پر آخر سے ی کو الف سے بدلا گیا ہے اور جس جملے میں افسوس کا مفہوم ہو اس سے پہلے یَا کا ترجمہ اے کی بجائے ہائے کیا جاتا ہے۔
14. اِنْ دراصل اِنَّ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے اِنْ استعمال ہوا ہے۔
15. لَوْ کا ترجمہ کبھی اگر اور کبھی کاش کیا جاتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ	تم اللہ کی رحمت سے نااُمید نہ ہو جاؤ
اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ؕ	بیشک اللہ سب کے سب گناہوں کو بخش دیتا ہے
7. فعل کے شروع میں "سَ" میں عنقریب ضرور کا مفہوم ہوتا ہے۔
8. فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔
9. فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ عموماً تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔
10. اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے اسکا اصل ترجمہ دکھانے والا ہے مراد روشن ہے
11. جنکے لیے اشارہ کیا جارہا ہو وہ دو سے زیادہ ہوں تو یہ ذٰلِكَ سے ذٰلِكُمْ ہو جاتا ہے اور یہ اشارہ بعید کے لیے استعمال ہوتا ہے جسکا مقصد یہاں اللہ تعالیٰ کی عظمت وبلندی کا اظہار ہے۔
12. فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔
13. یُ، تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔
14. كَ اسم کے شروع میں تشبیہ کے لیے ہوتا ہے، ترجمہ مثل، مانند یا طرح کیا جاتا ہے
15. ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُس ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اِس بھی کر دیا جاتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ	بے شک قیامت یقیناً آنے والی ہے
لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَلٰكِنَّ	اس میں کوئی شک نہیں اور لیکن
اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿59﴾	اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے۔ ﴿59﴾
وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ	اور تمہارے رب نے فرمایا: تم مجھے پکارو
اَسْتَجِبْ لَكُمْ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ	میں تمہاری (دعا، پکار) کو قبول کروں گا، بیشک (وہ لوگ) جو
يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ	میری عبادت سے تکبر کرتے ہیں
ع 6 10 11 سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ﴿60﴾ ع	عنقریب وہ ذلیل ہوکر جہنم میں داخل ہوں گے۔ ﴿60﴾
اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ	اللہ (وہ) ہے جس نے تمہارے لیے رات کو بنایا
لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ	تاکہ تم اس میں آرام کرو
وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ	اور دن کو روشن (بنایا تاکہ تم اس میں کام کرو)
اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ	بیشک اللہ یقیناً (بڑے) فضل والا ہے لوگوں پر
وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿61﴾	اور لیکن اکثر لوگ شکر نہیں کرتے۔ ﴿61﴾
ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ	یہی اللہ تمہارا رب ہے
وقف لازم خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۘ	ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۫	نہیں ہے کوئی (سچا) معبود مگر وہی (یعنی اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں)
فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿62﴾	تو کہاں تم بہکائے جاتے ہو۔ ﴿62﴾
كَذٰلِكَ يُؤْفَكُ الَّذِيْنَ	اسی طرح بہکائے جاتے تھے (وہ لوگ) جو
كَانُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿63﴾	اللہ کی آیات کا انکار کیا کرتے تھے۔ ﴿63﴾
اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ	اللہ (وہ) ہے جس نے تمہارے لیے بنایا
الْاَرْضَ قَرَارًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً	زمین کو قرار گاہ اور آسمان کو چھت (بنایا)

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

رَيْبَ	: کتاب لاریب، ریب وتردد۔
فِيْهَا	: فی الحال، فی الفور۔
اَكْثَرَ	: اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔
النَّاسِ	: عوام الناس، بعض الناس۔
لَا	: لاعلاج، لاعلم، لاجواب۔
يُؤْمِنُوْنَ	: ایمان، مومن، امن۔
ادْعُوْنِيْٓ	: دعا، داعی، مدعی، مدعو۔
اَسْتَجِبْ	: مستجاب الدعا، استجابت۔
يَسْتَكْبِرُوْنَ	: کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔
سَيَدْخُلُوْنَ	: دخل، داخل، داخلہ، مداخلت۔
الَّيْلَ	: لیل ونہار، لیلۃ القدر۔
لِتَسْكُنُوْا	: سکون، سکینت۔
النَّهَارَ	: نہار منہ، لیل ونہار۔
مُبْصِرًا	: سمع وبصر، بصارت، مبصر۔
لَذُوْ	: ذوالحجہ، ذوالفقار، ذومعنٰی۔
فَضْلٍ	فضل، فضیلت۔
عَلَى	: علیحدہ، علی الاعلان۔
النَّاسِ	: عوام الناس، بعض الناس۔
لٰكِنَّ	: لیکن۔
اَكْثَرَ	: اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔
يَشْكُرُوْنَ	: شکر، شاکر، اظہار تشکر، شکر۔
خَالِقُ	: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق۔
كُلِّ	: کل نمبر، کل کائنات۔
شَيْءٍ	: شے، اشیائے خوردونوش۔
اِلَّا	: اِلاماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلایہ کہ۔
كَذٰلِكَ	: کالعدم تنظیمیں، کماحقہ۔
بِاٰيٰتِ	: آیت، آیات، قرآنی آیات۔
الْاَرْضَ	: ارض وسما، قطعہ اراضی۔
قَرَارًا	: قرار گاہ، سکون وقرار۔
السَّمَآءَ	: ارض وسما، کتب سماویہ۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

وَ	صَوَّرَكُمْ [1]	فَاَحْسَنَ	صُوَرَكُمْ [1]	وَ
اور	اس نے شکل دی تمھیں	تو اچھی بنائیں	تمھاری صورتیں	اور

رَزَقَكُمْ [1]	مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ [2]	ذٰلِكُمُ [3]	اللّٰهُ
اس نے رزق دیا تمھیں	پاکیزہ چیزوں سے	یہی (ہے)	اللہ

رَبُّكُمْ ۚۖ [1]	فَتَبٰرَكَ [4]	اللّٰهُ	رَبُّ	الْعٰلَمِيْنَ (64)
تمھارا رب	سو بہت برکت والا ہے	اللہ	(جو) رب (ہے)	تمام جہانوں (کا)

هُوَ الْحَيُّ [5]	لَآ اِلٰهَ [6]	اِلَّا	هُوَ	فَادْعُوْهُ [7]
وہی زندہ ہے	کوئی معبود نہیں	مگر	وہی	پس تم سب پکارو اُسے

مُخْلِصِيْنَ [8]	لَهُ [9][10]	الدِّيْنَ ؕ	اَلْحَمْدُ
(اس حال میں کہ) سب خالص کرنے والے (ہو)	اس کے لیے	دین (بندگی کو)	سب تعریف

لِلّٰهِ	رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ (65)	قُلْ
اللہ کے لیے (ہے)	(جو) رب (ہے)	تمام جہانوں کا	آپ کہہ دیجیے

اِنِّيْ	نُهِيْتُ [11]	اَنْ	اَعْبُدَ	الَّذِيْنَ
بیشک میں	میں روک دیا گیا ہوں	کہ	میں عبادت کروں	(ان کی) جنھیں

تَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ [12]	لَمَّا	جَآءَنِيَ [13]
تم سب پکارتے ہو	اللہ کے سوا	جب کہ	آگئیں میرے پاس

الْبَيِّنٰتُ [2]	مِنْ رَّبِّيْ ز	وَ	اُمِرْتُ [11]
واضح دلیلیں	میرے رب (کی طرف) سے	اور	میں حکم دیا گیا ہوں

اَنْ	اُسْلِمَ	لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (66)	هُوَ
کہ	میں فرمانبردار ہو جاؤں	تمام جہانوں کے رب کا	(اللہ) وہی (ہے)

الَّذِيْ	خَلَقَكُمْ [1]	مِّنْ تُرَابٍ	ثُمَّ
جس نے	پیدا کیا تمھیں	مٹی سے	پھر

مِنْ نُّطْفَةٍ [14][2]	ثُمَّ	مِنْ عَلَقَةٍ [14][2]
ایک نطفے (قطرے) سے	پھر	ایک جمے ہوئے خون سے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمھیں اور اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمھارا یا اپنا کیا جاتا ہے۔

[2] ات اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[3] جنکے لیے اشارہ کیا جا رہا ہو وہ دو سے زیادہ ہوں تو یہ ذٰلِكَ سے ذٰلِكُمْ ہو جاتا ہے اور یہ اشارہ بعید کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

[4] "تَ" اور کھڑی زبر جو کہ "ا" کے قائم مقام ہے، دونوں میں مبالغہ کا مفہوم ہے۔

[5] هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی، وہی کیا جاتا ہے۔

[6] لَآ کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے اور ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔

[7] وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔

[8] اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[9] لَهٗ میں "لَ" دراصل "لِ" تھا، یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہو جاتا ہے۔

[10] لَهٗ دراصل لَهُ تھا اگلے لفظ سے ملانے کی وجہ سے لَهٗ ہو گیا ہے

[11] فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[12] یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[13] اگر فعل کے آخر میں یْ آئے تو فعل اور اس یْ کے درمیان نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

[14] ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، جس کا ترجمہ ایک، کوئی، کچھ یا کسی کیا جا سکتا ہے۔

وَصَوَّرَكُمْ	اور اس نے تمہاری صورتیں بنائیں
فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ	تو تمہاری صورتیں اچھی بنائیں
وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ	اور اس نے تمہیں پاکیزہ چیزوں سے رزق دیا
ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚۖ	یہی اللہ تمہارا رب ہے
فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ	پس اللہ بہت برکت والا ہے
رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿64﴾ هُوَ الْحَيُّ	(جو) تمام جہانوں کا رب ہے۔ ﴿64﴾ وہی زندہ ہے
لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ	کوئی معبود نہیں مگر وہی (یعنی اسکے سوا کوئی معبود نہیں) پس تم اسی کو پکارو
مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ؕ	اس کے لیے دین (یعنی بندگی) کو خالص کرتے ہوئے
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ	سب تعریف اللہ کے لیے ہے
رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿65﴾	(جو) تمام جہانوں کا رب ہے۔ ﴿65﴾
قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ	آپ کہہ دیجیے بے شک میں روک دیا گیا ہوں
اَنْ اَعْبُدَ	کہ میں عبادت کروں (ان کی)
الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو
لَمَّا جَآءَنِيَ الْبَيِّنٰتُ	جب کہ میرے پاس واضح دلیلیں آگئیں
مِنْ رَّبِّيْ ؗ	میرے رب کی طرف سے
وَاُمِرْتُ	اور میں حکم دیا گیا ہوں
اَنْ اُسْلِمَ	کہ میں فرمانبردار ہو جاؤں
لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿66﴾	تمام جہانوں کے رب کا۔ ﴿66﴾
هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ	(اللہ) وہی ہے جس نے تمہیں (پہلے) مٹی سے پیدا کیا
ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ	پھر ایک نطفے (قطرے) سے پھر ایک جمے ہوئے خون سے

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

وَ	: مال و دولت، شان و شوکت۔
صَوَّرَكُمْ	: شکل و صورت، مصور، تصویر۔
فَاَحْسَنَ	: احسن الجزاء، حسن، احسان۔
رَزَقَكُمْ	: رزق، رزّاق، رازق۔
الطَّيِّبٰتِ	: طیب و طاہر، مدینہ طیبہ۔
فَتَبٰرَكَ	: برکت، برکات، مبارک۔
الْحَيُّ	: حیات، احیائے سنت۔
اِلٰهَ	: الٰہ العالمین، الوہیت، یاالٰہی۔
اِلَّا	: الاماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔
فَادْعُوْهُ	: دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
مُخْلِصِيْنَ	: خلوص، اخلاص، مخلص۔
الدِّيْنَ	: دین حنیف، دین و دنیا۔
اَلْحَمْدُ	: حمد و ثنا، حامد، محمود۔
رَبِّ	: ربِّ کائنات، توحید ربوبیت۔
الْعٰلَمِيْنَ	: عالم اسلام، عالم عقبیٰ۔
قُلْ	: قول، اقوال، قائل، مقولہ۔
نُهِيْتُ	: نہی عن المنکر، منہیات۔
اَعْبُدَ	: عبد، عابد، معبود، عبادت۔
تَدْعُوْنَ	: دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
مِنْ	: منجانب، من حیث القوم۔
الْبَيِّنٰتُ	: بیان، دلیل بین، مبیّنہ طور پر۔
وَ	: مال و دولت، عفو و درگزر۔
اُمِرْتُ	: امر، آمر، مامور، امور۔
اُسْلِمَ	: مسلم، مسلمان، اسلام۔
لِرَبِّ	: ربِّ کائنات، توحید ربوبیت۔
الْعٰلَمِيْنَ	: عالم اسلام، عالم عقبیٰ، عالم برزخ۔
خَلَقَكُمْ	: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق۔
مِّنْ	: منجانب، من حیث القوم۔
تُرَابٍ	: تربت۔
نُّطْفَةٍ	: نطفہ، نطفہ بے تحقیق۔

ثُمَّ	يُخۡرِجُكُمۡ	طِفۡلًا	ثُمَّ	لِتَبۡلُغُوۡۤا [1]
پھر	وہ نکالتا ہے تمہیں	بچے (کی صورت میں)	پھر	تاکہ تم سب پہنچ جاؤ

اَشُدَّكُمۡ	ثُمَّ	لِتَكُوۡنُوۡا [1]	شُيُوۡخًا ۚ	وَ
اپنی جوانی (کو)	پھر	تاکہ تم سب ہو جاؤ	بوڑھے	اور

مِنۡكُمۡ	مَّنۡ [2]	يُّتَوَفّٰى [3][4]	مِنۡ قَبۡلُ
تم میں سے	جو	فوت کیا جاتا ہے	(اس) سے پہلے (ہی)

وَ	لِتَبۡلُغُوۡۤا [1]	اَجَلًا مُّسَمًّى [5]	وَّ	لَعَلَّكُمۡ
اور	تاکہ تم سب پہنچ جاؤ	(موت کے) ایک مقرر وقت کو	اور	تاکہ تم

تَعۡقِلُوۡنَ (67)	هُوَ	الَّذِىۡ	يُحۡىٖ	وَ	يُمِيۡتُ ۚ
تم سب سمجھو	(اللہ) وہ (ہے)	جو	وہ زندگی دیتا ہے	اور	وہ موت دیتا ہے

فَاِذَا	قَضٰۤى	اَمۡرًا [5]	فَاِنَّمَا [6]	يَقُوۡلُ	لَهٗ [7]
پھر جب	وہ فیصلہ کرلے	کسی کام کا	تو بے شک صرف	وہ کہتا ہے	اس سے

كُنۡ	فَيَكُوۡنُ (68) ع	اَلَمۡ	تَرَ [8]	اِلَى الَّذِيۡنَ
ہو جا!	تو وہ ہو جاتا ہے	کیا نہیں	آپ نے دیکھا	(اُن) کی طرف جو

ع 7/8 12

يُجَادِلُوۡنَ	فِىۡۤ اٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ [9]	اَنّٰى [10]	يُصۡرَفُوۡنَ (69) [4][11]
وہ سب جھگڑتے ہیں	اللہ کی آیات (کے بارے) میں	کہاں	وہ سب پھیرے جاتے ہیں

معانقۃ 13

الَّذِيۡنَ	كَذَّبُوۡا	بِالۡكِتٰبِ [12]	وَ	بِمَاۤ [12]
(وہ لوگ) جن	سب نے جھٹلایا	کتاب (قرآن) کو	اور	(اُس) کو جو

اَرۡسَلۡنَا	بِهٖ [12]	رُسُلَنَا ۛ	فَسَوۡفَ [13]	يَعۡلَمُوۡنَ (70) ۙ
ہم نے بھیجا	اس کے ساتھ	اپنے رسولوں کو	تو عنقریب	وہ سب جان لیں گے

اِذِ [14]	الۡاَغۡلٰلُ [15]	فِىۡۤ اَعۡنَاقِهِمۡ	وَ	السَّلٰسِلُ ؕ [16]
جب	طوق (ہونگے)	ان کی گردنوں میں	اور	زنجیریں

يُسۡحَبُوۡنَ (71) [4] ۙ	فِى الۡحَمِيۡمِ ۙ	ثُمَّ	فِى النَّارِ
وہ سب گھسیٹے جائیں گے	کھولتے ہوئے پانی میں	پھر	آگ میں

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ عموماً تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔

2 مَنۡ کا ترجمہ عموماً جو، جس اور کبھی کون یا کس بھی کیا جاتا ہے۔

3 علامت "تَ" اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے اور یہ دراصل يُتَوَفَّيُ تھا قاعدے کے مطابق ی کو ا سے بدلا گیا

4 علامت یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔

5 ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

6 اِنَّمَا، اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں صرف، بس یا محض کا مفہوم ہوتا ہے۔

7 قَالَ، يَقُوۡلُ وغیرہ کے بعد لِ کا ترجمہ سے کیا جاتا ہے۔

8 لَمۡ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔

9 ات اسم کے آخر میں جمع مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

10 اَنّٰى اس علامت کا ترجمہ کہاں، کیسے اور کبھی کیونکر کیا جاتا ہے۔

11 یعنی دلائل کے ساتھ حق واضح ہونے کے باوجود وہ حق کو نہیں مانتے۔

12 بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

13 فعل کے شروع میں سَ اور سَوۡفَ آتے ہیں سَ مستقبل قریب اور سَوۡفَ مستقبل بعید کے لیے آتا ہے۔

14 یہ دراصل اِذۡ ہے اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اسے زیر دی گئی ہے۔

15 اَلۡاَغۡلٰلُ کی واحد غُلٌّ ہے۔

16 اَلسَّلٰسِلُ کی واحد سِلۡسِلَةٌ ہے۔

ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا	پھر وہ تمہیں بچے کی صورت میں نکالتا ہے
ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ	پھر تاکہ تم اپنی جوانی کو پہنچ جاؤ
ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا شُيُوْخًا ج	پھر تاکہ تم بوڑھے ہو جاؤ
وَمِنْكُمْ مَّنْ	اور تم میں سے (کوئی تو ایسا ہے) جو
يُّتَوَفّٰى مِنْ قَبْلُ	اس سے پہلے (ہی) فوت کر لیا جاتا ہے
وَلِتَبْلُغُوْٓا اَجَلًا مُّسَمًّى	اور تاکہ تم (موت کے) ایک مقرر وقت کو پہنچ جاؤ
وَّلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿67﴾	اور تاکہ تم سمجھو۔ ﴿67﴾
هُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ج	(اللہ) وہ ہے جو زندگی دیتا ہے اور وہی موت دیتا ہے
فَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا	پھر جب وہ کسی کام کا فیصلہ کرتا ہے
فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ	تو بے شک صرف وہ اس سے (یہ) کہتا ہے
كُنْ فَيَكُوْنُ ع ﴿68﴾	ہو جا تو وہ ہو جاتا ہے۔ ﴿68﴾ ع 7 8 12
اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ	کیا آپ نے نہیں دیکھا ان (لوگوں) کی طرف جو
يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ ط	اللہ کی آیات کے بارے میں جھگڑتے ہیں
اَنّٰى يُصْرَفُوْنَ ﴿69﴾ صلے ج	وہ کہاں پھیر دیے جاتے ہیں۔ ﴿69﴾ معانقة 13
اَلَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِالْكِتٰبِ	وہ (لوگ) جنہوں نے کتاب (قرآن) کو جھٹلایا
وَبِمَآ اَرْسَلْنَا بِهٖ	اور اس (وحی) کو جس کے ساتھ ہم نے بھیجا
رُسُلَنَا قف فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ لا ﴿70﴾	اپنے رسولوں کو تو عنقریب وہ جان لیں گے۔ ﴿70﴾
اِذِ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ	جب ان کی گردنوں میں طوق ہونگے
وَالسَّلٰسِلُ ط يُسْحَبُوْنَ لا ﴿71﴾	اور زنجیریں (ہونگی) وہ گھسیٹے جائیں گے۔ ﴿71﴾
فِي الْحَمِيْمِ لا ثُمَّ فِي النَّارِ	کھولتے ہوئے پانی میں پھر (جہنم کی) آگ میں

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

يُخْرِجُكُمْ: خارج، خروج، اخراج۔
طِفْلًا: طفل مکتب، روضۃ الاطفال۔
لِتَبْلُغُوْٓا: بالغ، بلوغ، بلوغت، ابلاغ۔
اَشُدَّكُمْ: شدید، شدت، مشدد، تشدد۔
وَ: عفوودرگزر، رحم وکرم۔
مِنْكُمْ: منجانب، من حیث القوم۔
يُتَوَفّٰى: فوت، وفات، فوتیدگی۔
قَبْلُ: قبل از وقت، قبل الکلام۔
اَجَلًا: اجل، فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل۔
مُّسَمًّى: اسم بامسمی، مسماۃ۔
تَعْقِلُوْنَ: عقل، عاقل، معقول۔
يُحْيٖ: حیات، احیائے سنّت۔
يُمِيْتُ: موت وحیات، حیاتی و مماتی۔
قَضٰى: قضا، قاضی، قاضی القضاۃ۔
اَمْرًا: امر، آمر، مامور، امور۔
يَقُوْلُ: قول، اقوال، قائل، مقولہ۔
تَرَ: رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی اشیا۔
اِلَى: الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ۔
يُجَادِلُوْنَ: جنگ وجدل، جدال۔
يُصْرَفُوْنَ: صرف نظر۔
كَذَّبُوْا: کذب بیانی، کذاب، تکذیب
بِالْكِتٰبِ: کتاب، کُتب، کاتب، کتابت۔
وَ: مال ودولت، شان وشوکت۔
بِمَآ: ماحول، ماتحت، ماجرا۔
اَرْسَلْنَا: رسول، مرسل، رسالت۔
بِهٖ: بالمقابل، بسبب، بالکل۔
رُسُلَنَا: رسول، مرسل، رسالت۔
يَعْلَمُوْنَ: علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
فِيْ: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
النَّارِ: نوری وناری مخلوق، نار جہنم۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

يُسْجَرُوْنَ ج [1] (72)	ثُمَّ	قِيْلَ [2][3]	لَهُمْ	اَيْنَ
وہ سب جلائے جائیں گے	پھر	کہا جائے گا	ان سے	کہاں (ہیں وہ)

مَا	كُنْتُمْ	تُشْرِكُوْنَ لا (73)	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ط [4]	قَالُوْا [3]
جو	تم تھے	تم سب شریک ٹھہراتے ؟	اللہ کے سوا	وہ سب کہیں گے

ضَلُّوْا	عَنَّا [5]	بَلْ	لَّمْ نَكُنْ	نَّدْعُوْا [6]
وہ سب گم ہوگئے	ہم سے	بلکہ	نہیں تھے ہم	ہم سب پکارتے

مِنْ قَبْلُ	شَيْـًٔا ط [7]	كَذٰلِكَ	يُضِلُّ [8]	اللّٰهُ
(اس) سے پہلے	کسی چیز (کو)	اسی طرح	وہ گمراہ کرتا ہے	اللہ

الْكٰفِرِيْنَ (74)	ذٰلِكُمْ [9]	بِمَا	كُنْتُمْ
سب کافروں کو	یہ (عذاب)	(اس) وجہ سے ہے کہ	تھے تم سب

تَفْرَحُوْنَ	فِي الْاَرْضِ	بِغَيْرِ الْحَقِّ	وَ	بِمَا
تم سب خوشیاں مناتے	زمین میں	بغیر حق کے	اور	(اس) وجہ سے کہ

كُنْتُمْ	تَمْرَحُوْنَ ج (75)	اُدْخُلُوْٓا [10]	اَبْوَابَ جَهَنَّمَ
تم تھے	تم سب اکڑتے (اتراتے)	تم سب داخل ہو جاؤ	جہنم کے دروازوں (میں)

خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا ج	فَبِئْسَ	مَثْوَى	الْمُتَكَبِّرِيْنَ [11] (76)
ہمیشہ رہنے والے (ہو)	اس میں	پس بُرا ہے	ٹھکانا	سب تکبر کرنے والوں (کا)

فَاصْبِرْ	اِنَّ	وَعْدَ اللّٰهِ	حَقٌّ ج [12]	فَاِمَّا [13]
تو آپ صبر کیجیے	بیشک	اللہ کا وعدہ	سچا (ہے)	پھر اگر

نُرِيَنَّكَ [14]	بَعْضَ	الَّذِيْ	نَعِدُهُمْ
ہم واقعی دکھادیں آپ کو	کچھ حصہ	جس کا	ہم وعدہ کرتے ہیں ان سے

اَوْ	نَتَوَفَّيَنَّكَ [14]	فَاِلَيْنَا	يُرْجَعُوْنَ [1] (77)
یا	ہم ضرور فوت کر دیں آپ کو	تو ہماری طرف (ہی)	وہ سب لوٹائے جائیں گے

وَ	لَقَدْ [15]	اَرْسَلْنَا	رُسُلًا	مِّنْ قَبْلِكَ
اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے بھیجے	کئی رسول	آپ سے پہلے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] فعل کے شروع میں علامت یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔

[2] قِيْلَ دراصل قُوِلَ تھا قاعدے کے مطابق و کی زیر پچھلے حرف کو دے کر اُسے یہ سے بدلا گیا ہے۔

[3] یہ فعل ماضی ہے، یہاں ترجمہ ضرورتاً مستقبل میں کیا گیا ہے۔

[4] یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[5] عَنَّا دراصل عَنْ + نَا مجموعہ ہے۔

[6] نَدْعُوْا کے آخر میں ا قرآنی کتابت میں زائد ہے ۔

[7] ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، جس کا ترجمہ ایک، کوئی، کچھ یا کسی کیا جاسکتا ہے۔

[8] یعنی اللہ اُنہیں بھٹکا دیتا ہے اور ان کے حواس باختہ کر دیتا ہے اور وہ کوئی ڈھنگ کی بات ہی نہیں کر سکتے۔

[9] جنکے لیے اشارہ کیا جارہا ہو وہ دو سے زیادہ ہوں تو یہ ذٰلِكَ سے ذٰلِكُمْ ہو جاتا ہے۔

[10] فعل کے شروع میں "اُ" اور آخر میں وْا ہو تو اس میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

[11] اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[12] اس سے مراد کافروں سے انتقام کا وعدہ ہے کہ دنیا میں یا آخرت میں ایک ضرور پورا ہو کر ہی رہے گا۔

[13] اِمَّا دراصل اِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ اِنْ کا ترجمہ اگر ہے اور مَا زائد ہے۔

[14] نّ فعل کے آخر میں تاکید کی علامت ہے اسی لیے ترجمہ واقعی، ضرور کیا گیا ہے۔

[15] لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔

يُسۡجَرُوۡنَ ﴿72﴾ ج	وہ جلائے جائیں گے۔ ﴿72﴾
ثُمَّ قِيۡلَ لَهُمۡ اَيۡنَ	پھر ان سے کہا جائے گا کہاں ہیں
مَا كُنۡتُمۡ تُشۡرِكُوۡنَ ﴿73﴾ لا	وہ جنہیں تم شریک ٹھہراتے تھے؟ ﴿73﴾
مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ ؕ	اللہ کے سوا
قَالُوۡا ضَلُّوۡا عَنَّا	وہ کہیں گے وہ ہم سے گم ہو گئے (معلوم نہیں کہاں چلے گئے)
بَلۡ لَّمۡ نَكُنۡ نَّدۡعُوۡا	بلکہ ہم نہیں پکارتے تھے
مِنۡ قَبۡلُ شَيۡـًٔـا ؕ كَذٰلِكَ	اس سے پہلے کسی چیز کو (بھی) اسی طرح
يُضِلُّ اللّٰهُ الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿74﴾ ذٰلِكُمۡ	اللہ کافروں کو گمراہ کرتا ہے۔ ﴿74﴾ یہ (عذاب)
بِمَا كُنۡتُمۡ تَفۡرَحُوۡنَ	اس وجہ سے ہے کہ تم پھولے نہیں سماتے تھے
فِى الۡاَرۡضِ بِغَيۡرِ الۡحَقِّ	زمین میں بغیر حق کے
وَبِمَا كُنۡتُمۡ تَمۡرَحُوۡنَ ﴿75﴾ ج	اور اس وجہ سے کہ تم (بے جا) اِتراتے تھے۔ ﴿75﴾
اُدۡخُلُوۡۤا اَبۡوَابَ جَهَنَّمَ	(اب) تم جہنم کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ
خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَا ج	اس میں ہمیشہ رہنے والے ہو
فَبِئۡسَ مَثۡوَى الۡمُتَكَبِّرِيۡنَ ﴿76﴾	پس تکبر کرنے والوں کا ٹھکانا بُرا ہے۔ ﴿76﴾
فَاصۡبِرۡ اِنَّ وَعۡدَ اللّٰهِ حَقٌّ ج	تو آپ صبر کیجیے بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے
فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعۡضَ	پھر اگر واقعی ہم آپ کو دکھادیں (اس عذاب کا) کچھ حصہ
الَّذِىۡ نَعِدُهُمۡ	جس کا ہم اُن سے وعدہ کرتے ہیں
اَوۡ نَتَوَفَّيَنَّكَ	یا ہم ضرور آپ کو (اس سے پہلے ہی) فوت کر دیں
فَاِلَيۡنَا يُرۡجَعُوۡنَ ﴿77﴾	تو ہماری طرف ہی وہ لوٹائے جائیں گے۔ ﴿77﴾
وَلَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا رُسُلًا مِّنۡ قَبۡلِكَ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے آپ سے پہلے کئی رسول بھیجے

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

قِيۡلَ	: قول، اقوال، قائل، مقولہ۔
مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا۔
تُشۡرِكُوۡنَ	: شرک، شریک، مشرک۔
مِنۡ	: منجانب، من حیث القوم۔
قَالُوۡا	: قول، اقوال، قائل، مقولہ۔
ضَلُّوۡا	: ضلالت وگمراہی۔
بَلۡ	: بلکہ۔
نَّدۡعُوۡا	: دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
قَبۡلُ	: قبل از وقت، قبل الکلام۔
شَيۡـًٔـا	: شے، اشیائے خورد ونوش۔
كَذٰلِكَ	: کماحقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔
يُضِلُّ	: ضلالت وگمراہی۔
الۡكٰفِرِيۡنَ	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
تَفۡرَحُوۡنَ	: فرحت، مفرح قلب، تفریح۔
الۡاَرۡضِ	: ارض وسما، قطعہ اراضی۔
بِغَيۡرِ	: غیر، اغیار، غیر اللہ۔
الۡحَقِّ	: حق، حقیقت، حقائق۔
اُدۡخُلُوۡۤا	: دخل، داخل، داخلہ، مداخلت۔
خٰلِدِيۡنَ	: خالد، خلد بریں، مخلد فی النار۔
الۡمُتَكَبِّرِيۡنَ	: متکبر، کبیر، اکبر، تکبر۔
فَاصۡبِرۡ	: صبر جمیل، صبر وتحمل، صابر۔
وَعۡدَ	: وعدہ، وعید، مسیح موعود۔
نُرِيَنَّكَ	: رویت ہلال کمیٹی، مرئی اشیا۔
نَعِدُهُمۡ	: وعدہ، وعید، مسیح موعود۔
نَتَوَفَّيَنَّكَ	: فوت، وفات۔
فَاِلَيۡنَا	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ۔
يُرۡجَعُوۡنَ	: رجوع، راجع، رجعت پسندی۔
وَ	: مال ودولت، عفو ودرگزر۔
اَرۡسَلۡنَا	: رسول، مرسل، رسالت۔
قَبۡلِكَ	: قبل از وقت، قبل الکلام۔

مِنْهُمْ	مَّنْ	قَصَصْنَا [1]	عَلَيْكَ	وَ	مِنْهُمْ
ان میں سے	(کچھ وہ ہیں) جن کا	ہم نے حال بیان کیا	آپ پر	اور	ان میں سے (کچھ وہ ہیں)

مَّنْ	لَّمْ نَقْصُصْ [2]	عَلَيْكَ ط	وَ	مَا كَانَ [3]
جن کا	ہم نے حال بیان نہیں کیا	آپ پر	اور	نہیں ہے

لِرَسُوْلٍ [4][5]	اَنْ	يَّاْتِيَ [6]	بِاٰيَةٍ [5]	اِلَّا	بِاِذْنِ اللّٰهِ ج
کسی رسول کے لیے (اختیار)	کہ	وہ لے آئے	کسی نشانی کو	مگر	اللہ کے حکم سے

فَاِذَا	جَآءَ	اَمْرُ اللّٰهِ	قُضِيَ [7]	بِالْحَقِّ	وَ
پھر جب	آ گیا	اللہ کا حکم	(تو) فیصلہ کر دیا گیا	حق کے ساتھ	اور

ع 10 13

خَسِرَ	هُنَالِكَ	الْمُبْطِلُوْنَ [8] ع (78)	اَللّٰهُ	الَّذِيْ
خسارے میں رہے	اس موقع پر	سب باطل والے	اللہ (وہ ہے)	جس نے

جَعَلَ	لَكُمُ [9]	الْاَنْعَامَ	لِتَرْكَبُوْا [4]	مِنْهَا
بنائے	تمہارے لیے	چوپائے	تاکہ تم سب سواری کرو	ان میں سے (بعض پر)

وَ	مِنْهَا	تَاْكُلُوْنَ ز (79)	وَ	لَكُمْ [9]	فِيْهَا
اور	ان میں سے (بعض کو)	تم سب کھاتے ہو	اور	تمہارے لیے	ان میں

مَنَافِعُ	وَ	لِتَبْلُغُوْا [4]	عَلَيْهَا	حَاجَةً
بہت فوائد (ہیں)	اور	تاکہ تم سب پہنچو	اُن پر (سوار ہو کر)	(اپنی) حاجت (کو)

فِيْ صُدُوْرِكُمْ [10]	وَ	عَلَيْهَا	وَ	عَلَى الْفُلْكِ
(جو) تمہارے سینوں میں (ہے)	اور	ان پر	اور	کشتیوں پر

تُحْمَلُوْنَ [11] ط (80)	وَ	يُرِيْكُمْ [10]	اٰيٰتِهٖ صلے	فَاَيَّ [12]
تم سب سوار کیے جاتے ہو	اور	وہ (اللہ) دکھاتا ہے تمہیں	اپنی نشانیاں	پھر (کون) کون سی

اٰيٰتِ اللّٰهِ	تُنْكِرُوْنَ (81)	اَفَلَمْ [13]	يَسِيْرُوْا [2]
اللہ کی نشانیوں کا	تم سب انکار کرو گے	پھر (بھلا) کیا نہیں	وہ سب چلے پھرے

فِي الْاَرْضِ	فَيَنْظُرُوْا [14]	كَيْفَ	كَانَ [3]	عَاقِبَةُ
زمین میں	کہ وہ سب دیکھتے	کیسا	ہوا	انجام

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] نَا اگر فعل کے آخر میں اور اس سے پہلے حرف پر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے

[2] لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔

[3] كَانَ کا ترجمہ عموماً تھا کبھی ہو، ہوا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔

[4] اسم کے شروع میں "لِ" کا ترجمہ کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے اور فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ عموماً تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔

[5] ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، جس کا ترجمہ ایک، کوئی، کچھ یا کسی کیا جا سکتا ہے۔

[6] يَاْتِيَ کا اصل ترجمہ ہے وہ آئے لیکن جب اس کے بعد علامت بِ ہو تو پھر ترجمہ وہ لائے ہوتا ہے۔

[7] فُعِلَ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[8] اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[9] لَكُمْ میں "لَ" دراصل "لِ" تھا، یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہو جاتا ہے۔

[10] كُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہارا، تمہاری، تمہارے یا اپنا، اپنی، اپنے اور اگر فعل کے آخر میں ہو تو تمہیں کیا جاتا ہے۔

[11] علامت تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔

[12] اَيَّ سوال کرنے کیلئے استعمال ہوتا ہے اور اس کا ترجمہ کبھی کون اور کبھی کس کیا جاتا ہے

[13] جب "أَ" کے بعد "وَ یا فَ" ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[14] یہاں فَ سبب بیان کرنے کے لیے ہے اس لیے اس کا ترجمہ کہ کیا گیا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ	ان میں سے (کچھ وہ ہیں) جن کا ہم نے آپ پر حال بیان کیا
وَمِنْهُمْ مَّنْ	اور ان میں سے (کچھ وہ ہیں) جن کا
لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ؕ	ہم نے آپ پر حال بیان نہیں کیا
وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ	اور کسی رسول کے لیے (اختیار) نہیں ہے
اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ	کہ وہ لے آئے کسی نشانی کو مگر اللہ کے حکم سے
فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ	پھر جب اللہ کا حکم آ گیا
قُضِيَ بِالْحَقِّ	(تو) حق (اور انصاف) کے ساتھ فیصلہ کر دیا گیا
وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿78﴾ ع 8/10 13	اور اس موقع پر اہلِ باطل خسارے میں رہے۔ ﴿78﴾
اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ	اللہ (وہ) ہے جس نے بنائے
لَكُمُ الْاَنْعَامَ	تمہارے لیے چوپائے
لِتَرْكَبُوْا مِنْهَا	تاکہ تم ان میں سے (بعض پر) سواری کرو
وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿79﴾ ز	اور ان میں سے (بعض کو) تم کھاتے ہو۔ ﴿79﴾
وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ	اور تمہارے لیے ان میں (اور بھی) بہت فوائد ہیں
وَلِتَبْلُغُوْا عَلَيْهَا حَاجَةً	اور تاکہ تم ان پر (سوار ہو کر اپنی اُس) حاجت کو پہنچو
فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَعَلَيْهَا	(جو) تمہارے سینوں میں ہے اور ان پر
وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿80﴾ ؕ	اور کشتیوں پر تم سوار کیے جاتے ہو۔ ﴿80﴾
وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ ۖ	اور وہ (یعنی اللہ) دکھاتا ہے تمہیں اپنی نشانیاں
فَاَيَّ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُنْكِرُوْنَ ﴿81﴾	پھر تم کون کون سی اللہ کی نشانیوں کا انکار کرو گے۔ ﴿81﴾
اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ	پھر بھلا کیا وہ زمین میں نہیں چلے پھرے
فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ	کہ وہ دیکھتے کیسا انجام ہوا

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

مِنْهُمْ : منجانب، من جملہ احکام۔
قَصَصْنَا : قصہ گوئی، قصص القرآن۔
عَلَيْكَ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
نَقْصُصْ : قصہ گوئی، قصص القرآن۔
لِرَسُوْلٍ : لہٰذا، الحمد للہ۔
لِرَسُوْلٍ : رسول، رسالت، مرسل۔
بِاٰيَةٍ : آیت، آیات، آیتیں۔
اِلَّا : اِلاماشاءاللہ، اِلّا قلیل، اِلا یہ کہ۔
بِاِذْنِ : اذن عام، باذن اللہ، اذن الٰہی۔
اَمْرُ : امر، آمر، مامور، امور۔
قُضِيَ : قضا، قاضی، قاضی القضاۃ۔
بِالْحَقِّ : حق و باطل، حقیقت، حق گوئی۔
خَسِرَ : خسارہ، خائب و خاسر۔
الْمُبْطِلُوْنَ : حق و باطل، ادیانِ باطلہ۔
الْاَنْعَامَ : عوام کالانعام (چوپائے)۔
مِنْهَا : منجانب، من جملہ احکام۔
تَاْكُلُوْنَ : اکل و شرب، ماکولات و مشروبات
مَنَافِعُ : منافع، منفعت، نفع و نقصان۔
لِتَبْلُغُوْا : بالغ، بلوغ، بلوغت، ابلاغ۔
حَاجَةً : حاجت، حاجات۔
صُدُوْرِ : صدری علم، شرح صدر۔
تُحْمَلُوْنَ : حمل، حامل، محمول، حاملہ۔
يُرِيْكُمْ : رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی اشیا۔
تُنْكِرُوْنَ : منکر، انکار، انکاری ہونا۔
يَسِيْرُوْا : سیر و تفریح، سیر و سیاحت۔
فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
الْاَرْضِ : ارض و سما، اراضی، قطعہ اراضی۔
فَيَنْظُرُوْا : نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر۔
كَيْفَ : کیفیت، بہر کیف، کوائف۔
عَاقِبَةُ : عالم عقبیٰ، عاقبت نااندیش۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ	كَانُوْٓا	اَكْثَرَ [1]	مِنْهُمْ
(ان کا) جو	ان سے پہلے (تھے)	وہ سب تھے	بہت زیادہ	ان سے

وَ	اَشَدَّ [1]	قُوَّةً [2]	وَّاٰثَارًا	فِى الْاَرْضِ
اور	زیادہ سخت (تھے)	قوت (میں)	اور یادگاروں (کے اعتبار سے)	زمین میں

فَمَآ [3]	اَغْنٰى	عَنْهُمْ	مَّا [3]	كَانُوْا	يَكْسِبُوْنَ [4] (82)
پھر نہ	کام آیا	اُن کے	جو	تھے وہ سب	وہ سب کماتے

فَلَمَّا	جَآءَتْهُمْ [2]	رُسُلُهُمْ [5]	بِالْبَيِّنٰتِ [6][2]
پھر جب	آئے ان کے پاس	ان کے رسول	واضح دلائل کے ساتھ

فَرِحُوْا	بِمَا [6][3]	عِنْدَهُمْ [5]	مِّنَ الْعِلْمِ	وَحَاقَ
(تو) وہ سب اترائے	(اس) پر جو	ان کے پاس تھا	علم سے	اور گھیر لیا

بِهِمْ [6]	مَّا [3]	كَانُوْا	بِهٖ [6]	يَسْتَهْزِءُوْنَ (83)
ان کو	جو (کہ)	وہ سب تھے	اس کے ساتھ	وہ سب مذاق اڑاتے

فَلَمَّا	رَاَوْا	بَاْسَنَا	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا
پھر جب	انہوں نے دیکھا	ہمارا عذاب	(تو) انہوں نے کہا	ہم ایمان لائے

بِاللّٰهِ [6]	وَحْدَهٗ [7]	وَ	كَفَرْنَا	بِمَا [6][3]	كُنَّا [8]
اللہ پر	اسی کی یکتائی (ہے)	اور	ہم نے انکار کیا	(ان) کا جنہیں	ہم تھے

بِهٖ [6]	مُشْرِكِيْنَ [9] (84)	فَلَمْ	يَكُ [10]	يَنْفَعُهُمْ
اس کے ساتھ	سب شریک ٹھہرانے والے	پھر نہ	تھا	(کہ) نفع دیتا اُنہیں

اِيْمَانُهُمْ [5]	لَمَّا	رَاَوْا	بَاْسَنَا ؕ	سُنَّتَ اللّٰهِ [11]
ان کا ایمان	جب	انہوں نے دیکھ لیا	ہمارا عذاب	(یہ) اللہ کا طریقہ

الَّتِىْ	قَدْ [12]	خَلَتْ [2]	فِىْ عِبَادِهٖ ۚ [7]
جو	یقیناً	گزر چکا ہے	اس کے بندوں میں

وَ	خَسِرَ	هُنَالِكَ [13]	الْكٰفِرُوْنَ (85) ع
اور	خسارے میں رہے	اس موقع پر	سب کافر لوگ

ع
9 7 14

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 اسم کے شروع میں علامت "اَ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

2 ة، تْ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

3 مَا کا ترجمہ عموماً جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔

4 یعنی جب اللہ کا عذاب آیا تو انکے قدوقامت، جسمانی قوت، مال و دولت، فن تعمیر کی مہارتیں انکے کسی کام نہ آسکیں پھر تم اے اہل مکہ! جو لحاظ سے ان سے کمزور و کمتر ہو اللہ کے عذاب سے کس طرح بچ سکو گے۔

5 هُمْ اگر اسم کے آخر میں تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

6 بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

7 ہٗ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اس کا، اس کی، اس کے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

8 كُنَّا دراصل كُوْنْنَا تھا گرامر کے اصول کے مطابق و کو ہٹا کر ك کو پیش دی جاتی ہے اور ن کو ن میں مدغم کیا گیا ہے۔

9 اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

10 یہ دراصل يَكُنْ تھا، تخفیف کے لیے آخر میں ن کو حذف کیا گیا ہے یہاں علامت یَ کے ترجمہ کی ضرورت نہیں۔

11 سُنَّتَ کی ت دراصل ة ہے، قرآنی کتابت میں اس کو ت سے لکھا جاتا ہے۔

12 قَدْ فعل کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔

13 هُنَالِكَ کا ترجمہ کبھی وہاں اور کبھی اس موقع پر کیا جاتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ	ان (لوگوں) کا جو ان سے پہلے ہوئے
كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْهُمْ	وہ (تعداد میں) ان سے زیادہ تھے
وَاَشَدَّ قُوَّةً	اور قوت میں زیادہ سخت (تھے)
وَّاٰثَارًا فِي الْاَرْضِ	اور زمین میں یادگاروں کے اعتبار سے (بڑھ کر تھے)
فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ	پھر ان کے کام نہ آیا
مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿82﴾	جو وہ کماتے (یعنی کرتے) تھے۔ ﴿82﴾
فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ	پھر جب ان کے پاس ان کے رسول آئے
بِالْبَيِّنٰتِ	واضح دلائل کے ساتھ
فَرِحُوْا بِمَا عِنْدَهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ	(تو) وہ اترائے اس پر جو ان کے پاس کچھ علم تھا
وَحَاقَ بِهِمْ	اور ان کو (اس عذاب نے) گھیر لیا
مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿83﴾	جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ ﴿83﴾
فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا	پھر جب انہوں نے ہمارا عذاب دیکھا
قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ	(تو) انہوں نے کہا ہم اُس ایک اللہ پر ایمان لائے
وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا	اور ہم نے انکار کیا ان کا جنہیں ہم تھے
بِهٖ مُشْرِكِيْنَ ﴿84﴾	اس کے ساتھ شریک ٹھہرانے والے۔ ﴿84﴾
فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ	پھر نہ تھا (کہ) اُنہیں ان کا ایمان نفع دیتا
لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا ؕ	جب انہوں نے ہمارا عذاب دیکھ لیا
سُنَّتَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ	(یہ) اللہ کا طریقہ ہے جو یقیناً
خَلَتْ فِيْ عِبَادِهٖ ۚ	اس کے بندوں میں گزر چکا ہے
وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿85﴾ ع 7 14	اور اس موقع پر کافر لوگ خسارے میں رہے۔ ﴿85﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

مِنْ : منجانب، من حیث القوم۔
قَبْلِهِمْ : قبل از وقت، قبل الکلام۔
اَكْثَرَ : اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔
وَ : مال و دولت، عفو و درگزر۔
اَشَدَّ : شدید، اشد، متشدد، تشدد۔
قُوَّةً : قوت، قوت ایمانی، مقوی۔
اٰثَارًا : اثر، آثار، آثار سلف، اثری۔
فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
الْاَرْضِ : ارض و سما، اراضی۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا۔
يَكْسِبُوْنَ : کسبِ حلال، اکتسابِ فیض۔
رُسُلُهُمْ : رسول، مرسل، رسالت۔
بِالْبَيِّنٰتِ : بین دلیل، مبیّنہ طور۔
فَرِحُوْا : فرحت، مفرح قلب، تفریح۔
عِنْدَهُمْ : عندالطلب، عنداللہ، عندیہ۔
الْعِلْمِ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
يَسْتَهْزِءُوْنَ : استہزاء کرنا۔
رَاَوْا : رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی اشیا۔
قَالُوْٓا : قول، اقوال، قائل، مقولہ۔
اٰمَنَّا : ایمان، مومن، امن۔
وَحْدَهٗ : واحد، احد، توحید، موحّد۔
كَفَرْنَا : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
مُشْرِكِيْنَ : شرک، شریک، مشرک۔
يَنْفَعُهُمْ : نفع، منافع، منفعت۔
اِيْمَانُهُمْ : ایمان، مومن، امن۔
رَاَوْا : رؤیت ہلال، رویت باری۔
سُنَّتَ : کتاب و سنّت، اتباعِ سنّت۔
عِبَادِهٖ : عبد، عابد، معبود، عبادت۔
خَسِرَ : خسارہ، خائب و خاسر۔
الْكٰفِرُوْنَ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

اٰيَاتُهَا: 54 | 41 سُوْرَةُ حٰمٓ السَّجْدَة مَكِّيَّةٌ 61 | رُكُوْعَاتُهَا: 6

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حٰمٓ [1] ۚ (1)	تَنْزِيْلٌ	مِّنَ الرَّحْمٰنِ [2]
حٰمٓ	(یہ کتاب) اُتاری ہوئی ہے	بے حد رحم والے (کی طرف) سے

الرَّحِيْمِ [2] ۚ (2)	كِتٰبٌ	فُصِّلَتْ [3]	اٰيٰتُهٗ [4]
(جو) نہایت مہربان (ہے)	(یہ ایسی) کتاب (ہے)	(کہ) کھول کر بیان کی گئی (ہیں)	اُس کی آیات

قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا	لِّقَوْمٍ [5]	يَّعْلَمُوْنَ ۙ (3)
عربی قرآن (ہے)	(ان) لوگوں کے لیے	(جو) وہ سب جانتے ہیں

بَشِيْرًا [2]	وَّ	نَذِيْرًا [2] ۚ	فَاَعْرَضَ [6]	اَكْثَرُهُمْ
بہت خوشخبری دینے والا	اور	خوب ڈرانے والا	پھر منہ پھیر لیا	ان کے اکثر نے

فَهُمْ [6]	لَا يَسْمَعُوْنَ [7] (4)	وَ	قَالُوْا
پس وہ	نہیں وہ سب سنتے	اور	انہوں نے کہا

قُلُوْبُنَا [8]	فِيْٓ اَكِنَّةٍ [9]	مِّمَّا [10]	تَدْعُوْنَآ
ہمارے دل	پردوں میں (ہیں)	(اس بات) سے جو	تو ہمیں بلاتا ہے

اِلَيْهِ	وَ	فِيْٓ اٰذَانِنَا [8]	وَقْرٌ [11]	وَّ
اُس کی طرف	اور	ہمارے کانوں میں	ایک بوجھ (ہے)	اور

مِنْۢ بَيْنِنَا [8][12]	وَ	بَيْنِكَ	حِجَابٌ [11]
ہمارے درمیان	اور	تیرے درمیان	ایک پردہ (ہے)

فَاعْمَلْ [6]	اِنَّنَا	عٰمِلُوْنَ [13] (5)
پس تو (اپنا) کام کر	بے شک ہم	سب (اپنا) کام کرنے والے (ہیں)

قُلْ	اِنَّمَآ [14]	اَنَا	بَشَرٌ [11]
آپ کہہ دیجیے	بیشک صرف	میں (تو)	ایک انسان (ہوں)

مِّثْلُكُمْ	يُوْحٰٓى [15]	اِلَيَّ [16]
تمہاری مثل	وحی کی جاتی ہے	میری طرف

الثلثة

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] حٰمٓ حروف مقطعات میں سے ہے جو راز الٰہی ہیں، جس کا علم اللہ نے کسی کو نہیں دیا تاکہ اللہ کے علم کی برتری قائم رہے۔

[2] اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔

[3] فُصِّلَتْ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم اور یہاں تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے

[4] ہٗ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اس کا، اس کی، اس کے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

[5] اسم کے شروع میں "لِ" کا ترجمہ کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے۔

[6] لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ عموماً پس، تو، پھر اور کبھی سو اور چنانچہ بھی کیا جاتا ہے۔

[7] لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

[8] نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا، ہماری، ہمارے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

[9] اَكِنَّةٍ کے آخر میں ۃ واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ یہ كِنَانٌ کی جمع ہے۔

[10] مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔

[11] ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[12] یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[13] فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

[14] اِنَّمَا اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں صرف، بس یا محض کا مفہوم ہوتا ہے۔

[15] یہ دراصل يُوْحَيُ تھا، گرامر کے اصول کے مطابق آخر سے ی حذف ہے، یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا مفہوم ہوتا ہے۔

[16] اِلَيَّ دراصل اِلٰى + یَ کا مجموعہ ہے۔

• سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے • نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے • کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

اٰيَاتُهَا: 54 | 41 سُوْرَةُ حٰمٓ السَّجْدَة مَكِّيَّةٌ 61 | رُكُوْعَاتُهَا: 6

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حٰمٓ ۚ (1) تَنْزِيْلٌ	حٰمٓ (1) (یہ کتاب) اُتاری ہوئی ہے
مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (2)	بے حد رحم والے نہایت مہربان کی طرف سے۔ (2)
كِتٰبٌ	(یہ ایسی) کتاب ہے
فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ	(کہ) اس کی آیات کھول کر بیان کی گئی ہیں
قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا	اس حال میں کہ قرآن عربی زبان میں ہے
لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ (3) لا	ان لوگوں کے لیے (جو) جانتے ہیں۔ (3)
بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۚ	خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا ہے
فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ	پھر ان کی اکثریت نے منہ پھیر لیا
فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ (4)	پس وہ سب سنتے ہی نہیں۔ (4)
وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا فِيْٓ اَكِنَّةٍ	اور انہوں نے کہا ہمارے دل پردوں میں ہیں
مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ	اس (بات) سے جس کی طرف تو ہمیں بلاتا ہے
وَفِيْٓ اٰذَانِنَا وَقْرٌ	اور ہمارے کانوں میں بوجھ ہے
وَّمِنْۢ بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ	اور ہمارے درمیان اور تیرے درمیان
حِجَابٌ فَاعْمَلْ	ایک پردہ ہے پس تو (اپنا) کام کر
اِنَّنَا عٰمِلُوْنَ (5) الثلثة	بے شک ہم (اپنا) کام کرنے والے ہیں۔ (5)
قُلْ اِنَّمَآ اَنَا	آپ کہہ دیجیے بے شک صرف میں (تو)
بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ	تمہاری مثل ایک انسان ہوں
يُوْحٰٓى اِلَيَّ	(ہاں) میری طرف وحی کی جاتی ہے

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

تَنْزِيْلٌ : نازل، نزول، منزل من اللہ۔
مِّنَ : منجانب، من حیث القوم۔
الرَّحْمٰنِ : رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن۔
الرَّحِيْمِ : رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔
كِتٰبٌ : کتاب، کُتب، کاتب، کتابت۔
فُصِّلَتْ : تفصیل، مفصل۔
اٰيٰتُهٗ : آیت، آیات، قرآنی آیات۔
قُرْاٰنًا : قرآن، قراءت۔
عَرَبِيًّا : عربی زبان، اہل عرب۔
لِّقَوْمٍ : قوم، اقوام، قومیت۔
يَّعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
بَشِيْرًا : بشارت، مبشر، بشیر۔
فَاَعْرَضَ : اعراض کرنا۔
اَكْثَرُهُمْ : اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔
يَسْمَعُوْنَ : سمع وبصر، آلہ سماعت۔
قَالُوْا : قول، اقوال، قائل، مقولہ۔
قُلُوْبُنَا : قلبی تعلق، امراض قلب۔
مِّمَّا : منجانب/ماحول، ماتحت۔
تَدْعُوْنَآ : دعا، داعی، دعوت، مدعی، مدعو۔
اِلَيْهِ : رجوع الی اللہ، مکتوب الیہ۔
بَيْنِنَا : بین بین، بین الاقوامی۔
حِجَابٌ : حجاب۔
فَاعْمَلْ : عمل، عامل، معمول، تعمیل۔
عٰمِلُوْنَ : عمل، معمول، تعمیل، عامل۔
قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں
بَشَرٌ : بشر، بشری تقاضا، خیر البشر۔
مِّثْلُكُمْ : مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔
يُوْحٰٓى : وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔
اِلَيَّ : مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔

اَنَّمَآ [1]	اِلٰهُكُمْ	اِلٰهٌ وَّاحِدٌ	فَاسْتَقِيْمُوْٓا
کہ بلاشبہ صرف	تمہارا معبود	ایک معبود (ہے)	تو تم سب سیدھے (متوجہ) رہو

اِلَيْهِ	وَ	اسْتَغْفِرُوْهُ ط [2] [3]	وَ	وَيْلٌ
اسی کی طرف	اور	تم سب بخشش مانگو اسی سے	اور	ہلاکت (ہے)

لِّلْمُشْرِكِيْنَ [4] لا (6)	الَّذِيْنَ	لَا يُؤْتُوْنَ	الزَّكٰوةَ [5]
سب مشرکین کے لیے	جو	نہیں وہ سب دیتے	زکوٰۃ

وَ	هُمْ	بِالْاٰخِرَةِ	هُمْ	كٰفِرُوْنَ لا (7)	اِنَّ
اور	وہ سب	آخرت کا	وہ سب	سب انکار کرنے والے (ہیں)	بے شک

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	لَهُمْ [6]
(وہ لوگ) جو	سب ایمان لائے	اور انہوں نے اعمال کیے	نیک	ان کے لیے

ع 1 8 15

اَجْرٌ	غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ع (8)	قُلْ	اَئِنَّكُمْ	لَتَكْفُرُوْنَ
اجر (ہے)	نہ ختم کیا جانے والا	آپ کہہ دیجیے	کیا بیشک تم	واقعی تم سب انکار کرتے ہو

بِالَّذِيْ	خَلَقَ	الْاَرْضَ	فِيْ يَوْمَيْنِ [7]	وَ	تَجْعَلُوْنَ
(اس) کا جس نے	پیدا کیا	زمین (کو)	دو دنوں میں	اور	تم سب بناتے ہو

لَهٗٓ [6]	اَنْدَادًا ط [5]	ذٰلِكَ [8]	رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ج (9)	وَ
اس کے لیے	شریک	وہ	سب جہانوں کا رب (ہے)	اور

جَعَلَ	فِيْهَا	رَوَاسِيَ [5]	مِنْ فَوْقِهَا [9]	وَ	بٰرَكَ
اس نے بنائے	اس میں	مضبوط پہاڑ	اس کے اوپر	اور	اس نے برکت رکھی

فِيْهَا	وَ	قَدَّرَ	فِيْهَآ	اَقْوَاتَهَا [10]
اس میں	اور	اس نے اندازے سے رکھا	اس میں	اس کی غذاؤں کو

فِيْٓ اَرْبَعَةِ اَيَّامٍ ط [11]	سَوَآءً	لِّلسَّآئِلِيْنَ [12] (10)	ثُمَّ
چار دنوں میں	برابر (پورا جواب) ہے	پوچھنے والوں کے لیے	پھر

اسْتَوٰٓى	اِلَى السَّمَآءِ	وَ	هِيَ	دُخَانٌ [13]
وہ متوجہ ہوا	آسمان کی طرف	اور	وہ	ایک دھواں (ساتھا)

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] اَنَّمَا، اَنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں صرف، بس یا محض کا مفہوم ہوتا ہے۔

[2] فعل کے شروع میں اِسْتَ میں طلب کرنے، مانگنے یا چاہنے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[3] وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔

[4] اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[5] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

[6] لَهُمْ اور لَهٗ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہو جاتا ہے۔

[7] اسم کے آخر میں يْنِ میں کسی چیز کے تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[8] ذٰلِكَ اشارہ بعید کے لیے عموماً بات میں زور پیدا کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

[9] یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[10] اَقْوَاتَ قُوْتٌ کی جمع ہے، جس کا معنی خوراک، روزی یا غذا کیا جاتا ہے یہاں زمین کی غذاؤں سے مراد اس میں رہنے والی تمام مخلوقات کی غذائیں ہیں۔

[11] ان چار دنوں میں زمین کو پیدا کرنے کے مذکور دو دن بھی شامل ہیں پھر اگلی آیت میں آسمانوں کو دو دن میں پیدا کرنے کا ذکر ہے اس طرح زمین و آسمان پیدا کرنے کے کل چھ دن بنتے ہیں جیسا کہ دوسرے کئی مقامات پر اسکا ذکر ہے۔

[12] سَوَآءً لِّلسَّآئِلِيْنَ کا ایک مفہوم یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اللہ نے روزی کا سوال کرنے والوں کے لیے انکی خوراک پورے اندازے کے مطابق زمین میں رکھ دی ہے۔

[13] ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

اَنَّمَآ اِلٰهُكُمۡ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ	کہ بلاشبہ صرف تمہارا معبود ایک معبود ہے
فَاسۡتَقِيۡمُوۡۤا اِلَيۡهِ	تو تم سیدھے اسی کی طرف (متوجہ) رہو
وَاسۡتَغۡفِرُوۡهُ ؕ	اور اسی سے مغفرت مانگو
وَوَيۡلٌ لِّلۡمُشۡرِكِيۡنَ ۙ﴿6﴾	اور مشرکین کے لیے ہلاکت ہے۔ ﴿6﴾
الَّذِيۡنَ لَا يُؤۡتُوۡنَ الزَّكٰوةَ	وہ جو زکوٰۃ نہیں دیتے
وَهُمۡ بِالۡاٰخِرَةِ هُمۡ كٰفِرُوۡنَ ۙ﴿7﴾	اور وہ سب آخرت کا (بھی) انکار کرنے والے ہیں۔ ﴿7﴾
اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا	بے شک (وہ لوگ) جو ایمان لائے
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	اور انہوں نے نیک اعمال کیے
ع 1/8/15 لَهُمۡ اَجۡرٌ غَيۡرُ مَمۡنُوۡنٍ ع ﴿8﴾	ان کے لیے نہ ختم کیا جانے والا اجر ہے۔ ﴿8﴾
قُلۡ اَئِنَّكُمۡ لَتَكۡفُرُوۡنَ	آپ کہہ دیجیے کیا بیشک تم واقعی انکار کرتے ہو
بِالَّذِىۡ خَلَقَ الۡاَرۡضَ فِىۡ يَوۡمَيۡنِ	اُس (ذات) کا جس نے زمین کو دو دِنوں میں پیدا کیا
وَتَجۡعَلُوۡنَ لَهٗۤ اَنۡدَادًا ؕ	اور تم اس کے لیے کئی شریک بناتے ہو
ذٰلِكَ رَبُّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۚ﴿9﴾	وہی سب جہانوں کا رب ہے۔ ﴿9﴾
وَجَعَلَ فِيۡهَا رَوَاسِىَ مِنۡ فَوۡقِهَا	اور اس نے اس میں اس کے اوپر مضبوط پہاڑ بنائے
وَبٰرَكَ فِيۡهَا	اور اس نے برکت رکھی اس میں
وَقَدَّرَ فِيۡهَاۤ	اور اس نے اندازے سے رکھا اس میں
اَقۡوَاتَهَا فِىۡۤ اَرۡبَعَةِ اَيَّامٍ ؕ	اس کی غذاؤں کو چار دنوں میں (یہ سب کچھ کیا)
سَوَآءً لِّلسَّآئِلِيۡنَ ﴿10﴾	برابر (یعنی پورا جواب) ہے پوچھنے والوں کے لیے ﴿10﴾
ثُمَّ اسۡتَوٰۤى اِلَى السَّمَآءِ	پھر وہ متوجہ ہوا آسمان کی طرف
وَهِىَ دُخَانٌ	جبکہ وہ ایک دھواں (سا) تھا

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

اِلٰهُكُمۡ : الٰہ العالمین، اُلوہیت، یاالٰہی۔
فَاسۡتَقِيۡمُوۡۤا : استقامت، مستقیم۔
اِلَيۡهِ : مکتوب الیہ، مرسل الیہ۔
اسۡتَغۡفِرُوۡهُ : مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
لِّلۡمُشۡرِكِيۡنَ : شرک، شریک، مشرک۔
الزَّكٰوةَ : زکوٰۃ، تزکیہ۔
بِالۡاٰخِرَةِ : فکر آخرت، اُخروی زندگی۔
كٰفِرُوۡنَ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
اٰمَنُوۡا : ایمان، مومن، امن۔
عَمِلُوا : عمل، اعمال، اعمال صالحہ۔
الصّٰلِحٰتِ : صلح، اعمال صالحہ۔
غَيۡرُ : دیار غیر، غیر اللہ، اغیار۔
لَتَكۡفُرُوۡنَ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
خَلَقَ : خلق، تخلیق، خالق، مخلوق۔
الۡاَرۡضَ : ارض وسما، قطعہ اَراضی۔
يَوۡمَيۡنِ : یوم، ایام، یوم آزادی۔
وَ : مال ودولت، عفوودرگزر۔
رَبُّ : ربِّ کائنات، توحید ربوبیت۔
الۡعٰلَمِيۡنَ : عالم اسلام، عالم برزخ۔
فِيۡهَا : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
مِنۡ : منجانب، من حیث القوم۔
فَوۡقِهَا : فوقیت، مافوق الفطرت، فائق۔
بٰرَكَ : برکت، برکات، مبارک۔
قَدَّرَ : تقدیر، مقدر، مقدار۔
اَرۡبَعَةِ : مربع، رباعی، آئمہ اربعہ۔
اَيَّامٍ : یوم، ایام، یوم آخرت۔
سَوَآءً : مساوی، مساوات۔
لِّلسَّآئِلِيۡنَ : سوال، سائل، مسئول۔
اسۡتَوٰۤى : مستوی، استوا۔
السَّمَآءِ : ارض وسما، کتب سماویہ۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

فَقَالَ [1]	لَهَا [2][3]	وَ	لِلْاَرْضِ [3]	ائْتِيَا [4]	طَوْعًا
تو اس نے کہا	اس سے	اور	زمین سے	تم دونوں آؤ	خوشی (سے)

اَوْ	كَرْهًا ط	قَالَتَآ [4]	اَتَيْنَا	طَآئِعِيْنَ [5] ﴿11﴾
یا	ناخوشی	اُن دونوں نے کہا	ہم آ گئے	سب خوشی (یعنی بہ رضا و رغبت) سے

فَقَضٰهُنَّ [6][1]	سَبْعَ	سَمٰوَاتٍ	فِيْ يَوْمَيْنِ	وَ
پس اس نے بنا دیا انہیں	سات	آسمان	دو دنوں میں	اور

اَوْحٰى [7]	فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ	اَمْرَهَا ط	وَزَيَّنَّا
اس نے القاء کیا (یعنی حکم بھیجا)	ہر آسمان میں	اس کے کام (کا)	اور ہم نے مزین کر دیا

السَّمَآءَ الدُّنْيَا	بِمَصَابِيْحَ [8] ۖ	وَ	حِفْظًا ط
دُنیوی آسمان کو	چراغوں سے	اور	(ہم نے حفاظت کی) خوب حفاظت کرنا

ذٰلِكَ	تَقْدِيْرُ	الْعَزِيْزِ [9]	الْعَلِيْمِ [9] ﴿12﴾
یہ	اندازہ (تدبیر) ہے	بہت غالب	خوب علم رکھنے والے (کا)

فَاِنْ [1]	اَعْرَضُوْا	فَقُلْ [1]	اَنْذَرْتُكُمْ
پھر اگر	وہ سب منہ موڑ لیں	تو آپ کہہ دیجیے	میں نے ڈرا دیا ہے تمہیں

صٰعِقَةً	مِّثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ	وَّ	ثَمُوْدَ ط ﴿13﴾
کڑک (سے)	(جو) عاد کی کڑک جیسی (ہوگی)	اور	ثمود (کی)

اِذْ	جَآءَتْهُمُ [10]	الرُّسُلُ	مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ [11]
جب	آئے ان کے پاس	کئی رسول	ان کے دونوں ہاتھوں کے درمیان (یعنی سامنے) سے

وَ	مِنْ خَلْفِهِمْ [11]	اَلَّا [12]	تَعْبُدُوْٓا	اِلَّا اللّٰهَ ط
اور	ان کے پیچھے سے	کہ نہ	تم سب عبادت کرو	اللہ کے سوا (کسی کی)

قَالُوْا	لَوْ [13]	شَآءَ	رَبُّنَا	لَاَنْزَلَ
اُنہوں نے کہا	اگر	چاہتا	ہمارا رب	(تو) ضرور نازل کر دیتا

مَلٰٓئِكَةً [14]	فَاِنَّا [15]	بِمَآ [8]	اُرْسِلْتُمْ [16]	بِهٖ [8]
کوئی فرشتوں (کو)	تو بے شک ہم	(اس) کا جو	تم بھیجے گئے ہو	اُس کے ساتھ

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ عموماً پس، تو، پھر اور کبھی سو اور چنانچہ بھی کیا جاتا ہے۔

2 لَهَا میں "لَ" دراصل "لِ" تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہو جاتا ہے۔

3 قَالَ، يَقُوْلُ کے بعد لِ کا ترجمہ سے کیا جاتا ہے۔

4 "ا" میں کسی چیز کے تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

5 طَآئِعِيْنَ دراصل طَاوِعِيْنَ تھا قاعدے کے مطابق وَ کو ہمزہ (ئ) سے بدلا گیا ہے۔

6 هُنَّ جمع مؤنث کی علامت ہے۔

7 اَوْحٰى کا معنی وحی بھیجنے کے علاوہ اشارہ کرنا، القا کرنا یعنی دل میں ڈالنا، چھپا کر بات کرنا وغیرہ بھی ہے اس لفظ کا استعمال عموماً اللہ کے لیے ہوتا ہے۔

8 بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

9 اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔

10 تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

11 اس بستی میں ہر طرف سے ان کے پاس پیغمبر آئے۔

12 اَلَّا دراصل اَنْ + لَا کا مجموعہ ہے۔

13 لَوْ کا ترجمہ کبھی اگر اور کبھی کاش ہوتا ہے۔

14 یہاں ة واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ یہ جمع کے لیے ہے۔

15 فَاِنَّا دراصل فَ + اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے ایک نون کو تخفیفاً حذف کیا گیا ہے۔

16 فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ	تو اس نے کہا اس (آسمان) سے اور زمین سے
ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا ؕ	تم دونوں آؤ خوشی سے یا ناخوشی (مجبوری) سے
قَالَتَآ اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ ﴿11﴾	دونوں نے کہا ہم آ گئے خوشی سے (یعنی بہ رضا و رغبت) ﴿11﴾
فَقَضٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ	پس اس نے انہیں سات آسمان بنا دیا
فِيْ يَوْمَيْنِ وَاَوْحٰى	دو دِنوں میں اور اس نے القا کیا (حکم بھیجا)
فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَهَا ؕ	ہر آسمان میں اس کے کام کا
وَزَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا	اور ہم نے دُنیوی آسمان کو مزین کر دیا
بِمَصَابِيْحَ ۖ وَحِفْظًا ؕ	چراغوں سے اور (شیطانوں سے اُسے) محفوظ رکھا
ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ	یہ (تدبیر اور) اندازہ ہے
الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿12﴾	بہت غالب خوب علم رکھنے والے کا۔ ﴿12﴾
فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ	پھر اگر وہ منہ موڑ لیں تو آپ کہہ دیجیے
اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً	میں نے تمہیں ایک (ایسی) کڑک سے ڈرا دیا ہے
مِّثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّثَمُوْدَ ﴿13﴾	(جو قوم) عاد اور ثمود کی کڑک جیسی ہو گی۔ ﴿13﴾
اِذْ جَآءَتْهُمُ الرُّسُلُ	جب ان کے پاس کئی رسول آئے
مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ	ان کے سامنے سے
وَمِنْ خَلْفِهِمْ	اور ان کے پیچھے سے
اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ	یہ کہ تم اللہ کے سوا (کسی کی) عبادت نہ کرو
قَالُوْا لَوْ شَآءَ رَبُّنَا	انہوں نے کہا اگر ہمارا رب چاہتا
لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً فَاِنَّا	(تو) ضرور فرشتوں کو نازل کر دیتا تو بیشک ہم
بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ	اس کا جس کے ساتھ (یعنی جو دے کر) تم بھیجے گئے ہو

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

فَقَالَ	قول، اقوال، قائل، مقولہ۔
طَوْعًا	اطاعت، مطیع و فرمانبردار۔
كَرْهًا	کراہت، مکروہ، مکروہات۔
طَآئِعِيْنَ	اطاعت، مطیع و فرمانبردار۔
فَقَضٰىهُنَّ	قضا، قاضی، قاضی القضاۃ۔
سَبْعَ	کتب سبعہ، اُسبوعی اجلاس۔
سَمٰوَاتٍ	ارض و سما، کتب سماویہ۔
فِيْ	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
يَوْمَيْنِ	یوم، ایام، یوم آزادی۔
اَوْحٰى	وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔
زَيَّنَّا	مزین، تزئین و آرائش۔
بِمَصَابِيْحَ	صبح، مصباح۔
حِفْظًا	حفاظت، محافظ، حفظ ماتقدم۔
تَقْدِيْرُ	تقدیر، مقدر، مقدار۔
الْعَلِيْمِ	علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
اَعْرَضُوْا	اعراض کرنا۔
مِّثْلَ	مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔
الرُّسُلُ	رسول، مرسل، رسالت۔
بَيْنِ	بین بین، بین الاقوامی۔
اَيْدِيْهِمْ	ید بیضاء، ید طولیٰ، رفع الیدین۔
خَلْفِهِمْ	خلیفہ، خلافت، خلف، ناخلف
تَعْبُدُوْٓا	عبد، عابد، معبود، عبادت۔
اِلَّا	الاماشاءاللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔
قَالُوْا	قول، اقوال، قائل، مقولہ۔
شَآءَ	ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت
رَبُّنَا	ربِّ کائنات، توحید ربوبیت۔
لَاَنْزَلَ	نازل، نزول، منزل من اللہ۔
مَلٰٓئِكَةً	ملک الموت، ملائکہ۔
اُرْسِلْتُمْ	رسول، مرسل، رسالت۔

كُفِرُوْنَ (14)	فَاَمَّا	عَادٌ	فَاسْتَكْبَرُوْا
سب انکار کرنے والے (ہیں)	پھر رہے	(قوم) عاد	تو ان سب نے تکبر کیا

فِي الْاَرْضِ	بِغَيْرِ الْحَقِّ [1]	وَ	قَالُوْا
زمین میں	ناحق	اور	انہوں نے کہا

مَنْ [2]	اَشَدُّ [3]	مِنَّا	قُوَّةً ط [4]
کون	زیادہ سخت (ہے)	ہم سے	قوت (میں)

اَوَلَمْ [5]	يَرَوْا [6]	اَنَّ	اللّٰهَ
اور (بھلا) کیا نہیں	انہوں نے دیکھا	کہ بے شک	اللہ

الَّذِيْ	خَلَقَهُمْ	هُوَ	اَشَدُّ [3]	مِنْهُمْ
جس نے	پیدا کیا انہیں	وہ	زیادہ سخت (ہے)	ان سے

قُوَّةً ط [4]	وَ	كَانُوْا	بِاٰيٰتِنَا [7]	يَجْحَدُوْنَ (15)
قوت (میں)	اور	تھے وہ سب	ہماری آیات کا	وہ سب انکار کرتے

فَاَرْسَلْنَا [8]	عَلَيْهِمْ	رِيْحًا	صَرْصَرًا
تو ہم نے بھیجی	ان پر	ہوا	سخت تُند

فِيْٓ اَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ [9] [4]	لِّنُذِيْقَهُمْ [10]	عَذَابَ الْخِزْيِ
منحوس دنوں میں	تا کہ ہم چکھائیں انہیں	رسوائی کا عذاب

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ط [4]	وَ	لَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ [4]	اَخْزٰى [5]
دُنیوی زندگی میں	اور	یقیناً آخرت کا عذاب	زیادہ رسوا کرنے والا (ہے)

وَ	هُمْ [11]	لَا	يُنْصَرُوْنَ [12] (16)	وَ	اَمَّا
اور	وہ سب	نہیں	وہ سب مدد کیے جائیں گے	اور	رہے

ثَمُوْدُ	فَهَدَيْنٰهُمْ [8]	فَاسْتَحَبُّوا	الْعَمٰى
(قوم) ثمود	تو ہم نے ہدایت دی انہیں	پھر انہوں نے پسند کیا	اندھے پن (کو)

عَلَى الْهُدٰى	فَاَخَذَتْهُمْ [13]	صٰعِقَةُ [4]	الْعَذَابِ الْهُوْنِ
ہدایت پر	تو پکڑ لیا انہیں	کڑک نے	ذلیل کرنے والے عذاب کی

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1. یہاں علامت بِ کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
2. علامت مَنْ کا ترجمہ عموماً جو، جس اور کبھی کون یا کس بھی کیا جاتا ہے۔
3. شروع میں علامت "أ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔
